آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 27 دسمبر 2020ء بمطابق 11 جمادی الاول 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 355

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
اہل تشیع ظہرین	12:30
اہل تشیع مغربین	6:15

کورونا وائرس ایک دن میں 63 افراد جان بحق تعداد نو ہزار سے تجاوز کر گئی

مجموعی طور پر 9 ہزار سے زائد افراد اس جان لیوا وبا کے باعث زندگی کی بازی ہار چکے ہیں، 981، بلوچستان میں 18 ہزار 061، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 148 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 847 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 36 ہزار 909 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 65 لاکھ 23 ہزار 842 ہوگئی ہے

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 260 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 69 ہزار 482 ہوگئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 63 افراد جاں بحق ہو گئے مجموعی طور پر 9 ہزار سے زائد افراد اس جان لیوا وبا کے باعث زندگی کی بازی ہار چکے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 36 ہزار 909 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 65 لاکھ 23 ہزار 842 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 260 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

چکوال: وزیراعظم عمران خان نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کا افتتاح کر رہے ہیں

جس طرح اپوزیشن نے فوج پر حملہ کیا تاریخ میں کبھی نہیں ہوا، وزیراعظم

خود کو جمہوریت پسند کہلانے والے کہتے ہیں جمہوری حکومت گرادو، ماضی میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ملک میں بدترین کرپشن کی، ان چوروں کو کسی حکومت نے این آر او دیا تو ملک سے غداری کریگی

یہ لوگ مجھے کسی بھی طرح بلیک میل نہیں کر سکتے، انتخابات میں دھاندلی ہوئی تھی تو کیا آپ کسی فورم پر گئے؟، پاکستانی فوج پر حملہ کرنا شروع کر دیا، پاکستان میں صحت کا نظام 10 سال میں ایسا ہوگا جو امیر ترین ملکوں کا بھی نہیں ہوگا

خاص طور پر پاکستانی فوج کو ہدف بنایا گیا کیوں کہ بھارت طویل عرصے سے چاہتا ہے کہ پاکستانی فوج کمزور ہو اور ان کی پوری منصوبہ بندی ہے کہ دنیا میں پاکستانی فوج کو اس طرح پیش کیا جائے، وزیراعظم کا چکوال میں یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب

چکوال (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے جس طرح اپوزیشن نے فوج پر حملہ کیا اس طرح تاریخ میں کبھی نہیں ہوا، فوج کیخلاف بھارت کی پروپیگنڈا مشین جیسی زبان استعمال ہو رہی ہے، خود کو جمہوریت پسند کہلانے والے کہتے ہیں کہ جمہوری حکومت گرادو، ماضی میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ملک میں بدترین کرپشن کی، اگر ان چوروں کو کسی حکومت نے این آر او دیا تو ملک سے غداری کریگی، یہ لوگ مجھے کسی بھی طرح بلیک میل نہیں کر سکتے، اگر انتخابات میں دھاندلی ہوئی تھی تو کیا آپ کسی فورم پر گئے؟، پاکستانی فوج پر حملہ کرنا شروع کر دیا، پاکستان میں صحت کا نظام 10 سال میں ایسا ہوگا جو امیر ترین ملکوں کا بھی نہیں ہوگا۔ ہفتہ کو وزیراعظم نے چکوال میں 500 بستروں کے اسپتال، لا کالج اور رنگ روڈ منصوبے کا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: نائب امیر جماعت علماء اسلام (نظریاتی) مولانا عبدالقادر لونی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کورونا وبا کے دوران حکومت نے معاشی حوالے سے اہم فیصلے کئے ہیں، ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ

ایک کروڑ پچاس لاکھ افراد خاص طور پر خواتین کو مالی معاونت فراہم کی گئی، احساس پروگرام کے تحت فی خاندان 12 ہزار روپے دیے گئے

کورونا کے دوران کاروباری شعبے کو کئی مراعات دیں، حکومتی اقدامات کی بدولت ٹیکس کی برآمدات میں اضافہ ہوا، وزیر خزانہ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ کورونا وبا کے دوران حکومت نے معاشی حوالے سے اہم فیصلے کئے ہیں، ایک کروڑ پچاس لاکھ افراد خاص طور پر خواتین کو مالی معاونت فراہم کی گئی، احساس پروگرام کے تحت فی خاندان 12 ہزار روپے دیے گئے، کورونا کے دوران کاروباری شعبے کو بھی کئی مراعات دیں، حکومتی اقدامات کی بدولت ٹیکسٹائل کی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے، اس وقت حکومت کا پرائمری بیلنس یعنی آمدن اور اخراجات کا بیلنس مثبت

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

حافظ حسین ہیرا ہیں، اعظم سواتی نے پی ٹی آئی میں شمولیت کی دعوت دیدی

مولانا شیرانی زیرک سیاستدان اور اعلیٰ ترین عالم دین ہیں، حافظ حسین احمد کو وہ مقام اور عزت نہیں ملی جس کے وہ حق دار ہیں، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے حافظ حسین احمد کو ہیرا قرار دیتے ہوئے پی ٹی آئی میں شمولیت کی دعوت دیدی۔ نجی ٹی وی کے مطابق اعظم سواتی نے کہا کہ میں دو ہزار تین میں پی ٹی آئی میں شامل ہوا اور دو ہزار گیارہ میں سینیٹ سے استعفیٰ دیا، اس

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

سینیٹ انتخابات وقت سے پہلے کروانا حکومت کے بس کی بات نہیں

سردار اختر مینگل

حکومت کا مستقبل تاریک لگ رہا ہے، سینیٹ انتخابات سے متعلق فیصلہ پی ڈی ایم قیادت مل کر کرے گی، گفتگو

سبوتاژ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) مینگل کے سربراہ اختر مینگل نے دعویٰ کیا ہے کہ سینیٹ انتخابات وقت سے پہلے کروانا حکومت کے بس کی بات ہی نہیں ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں اختر مینگل نے کہا کہ حکومت کا مستقبل تاریک لگ رہا ہے، سینیٹ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نیب نے مولانا کو نوٹس دینا تھا تو ایک سال پہلے دیتا، سلیم مانڈوی والا

پی ڈی ایم کی تحریک شروع ہوتے ہی نوٹس بھیجنے سے ادارے کی بدنامی ہوتی ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کراچی (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا نے کہا ہے کہ نیب کو مولانا فضل الرحمٰن کو نوٹس دینا تھا تو ایک سال پہلے دیتا، پی ڈی ایم کی تحریک شروع ہوتے ہی نوٹس بھیجنے سے ادارے کی بدنامی ہوتی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا نے مزار قائد

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

پاکستان سے امدادی سامان کی دوسری کھیپ نائیجر پہنچ گئی

دوسری ون تھرٹی طیاروں نے برادر ملک کیلئے 34,000 پاؤنڈ سے زائد امدادی سامان پہنچایا، ترجمان پاک فضائیہ

کراچی (آن لائن) پاکستان سے امدادی سامان کی دوسری کھیپ نائیجر پہنچ گئی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق حکومت پاکستان کی خصوصی ہدایات پر پاک فضائیہ کا دوسرا سی ون تھرٹی طیارہ نائیجر کے سیلاب زدہ متاثرین کے لئے امدادی سامان لے کر نیامے پہنچ گیا۔

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاک فضائیہ کا دوسرا سی ون تھرٹی طیارہ نائیجر کے سیلاب زدہ متاثرین کے لئے امدادی سامان لے کر نیامے پہنچ گیا

نیامے (این این آئی) پاک فضائیہ کا دوسرا سی ون تھرٹی طیارہ نائیجر کے سیلاب زدہ متاثرین کے لئے امدادی سامان لے کر نیامے پہنچ گیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں سی ون تھرٹی طیاروں نے برادر ملک کے لئے 34,000 پاؤنڈ سے زائد امدادی سامان پہنچایا۔ نیامے میں نائیجر کے حکمران وزیر خارجہ سمیت متعدد سرکاری اور

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

حیدرآباد: کورونا وائرس کے باعث لطیف آباد یونٹ نمبر 9 میں لگائے گئے اسمارٹ لاک ڈاؤن کے دوران سڑک خاردار تاروں سے بند کر دی گئی ہے

حزب اختلاف نے نیب کے حوالے سے سینیٹ میں اپوزیشن کی تمام جماعتوں کا اہم اجلاس 30 دسمبر کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) حزب اختلاف نے نیب کے حوالے سے سینیٹ میں اپوزیشن کی تمام جماعتوں کا اہم اجلاس طلب کرلیا اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ اپوزیشن نے چیئرمین نیب کے پارلیمان طلبی کے موقف سے پیچھے نہ ہٹنے کا فیصلہ کرلیا، جس پر مشاورت کیلئے اپوزیشن جماعتیں اسلام آباد میں اہم

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں گیس لیکیج کے باعث دھماکہ ایک شخص جھلس کر زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکیج کے باعث دھماکہ ایک شخص جھلس کر زخمی۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

گوادر میں کسٹمز کی کاروائی کروڑوں روپے کے 976 موبائل فون اور ٹیبلٹ برآمد کرلئے

کوئٹہ (این این آئی) گوادر میں کسٹمز کی کاروائی کروڑوں روپے کے 976 موبائل فون اور ٹیبلٹ برآمد

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

نوکنڈی اور گردونواح شدید سردی کی لپیٹ میں طوفانی اور گرد آلود ہوائیں گزشتہ رات سے جاری

نوکنڈی (این این آئی) نوکنڈی اور گردونواح شدید سردی کی لپیٹ میں ہے طوفانی اور گرد آلود ہوائیں

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے پشتونی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مولانا شیرانی سے اختلاف تھا تو اسلامی نظریاتی کونسل کا چیئرمین کیوں بنوایا، طاہر اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی مولانا طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ مولانا شیرانی سے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

دو کرپٹ لوگوں کے بچوں کی قابلیت کیا ہے جو یہ ملک چلانے جا رہے ہیں؟، وزیراعظم

چکوال (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ دو کرپٹ لوگوں کے بچوں کی قابلیت کیا ہے جو

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

عمران خان نے فوج اور ایجنسیوں کیخلاف درجنوں بار ہرزہ سرائی کی، نواز شریف کا وزیراعظم کی تقریر پر ردعمل

لندن (آن لائن) سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ اپنی ہر ناکامی کا ملبہ فوج کے سر

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

چچا پیارے دن رات ڈالر کی تجویز دیتے ہیں، باپ اور بیٹی بیرونی اثاثوں پر ریاست خالف بیانیہ بیچتے ہیں، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ چچا

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کے سب ممبرز کو نمائندگی دی ہے

بلوچستان عوامی پارٹی اپنا آئی

بلوچستان عوامی پارٹی ایک اچھی تعداد میں سینٹ، قومی اسمبلی اور خیبر پختونخوا اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو سپورٹ کر رہی ہے

پی ٹی آئی کو بھی اسی انداز سے بی اے پی کو وفاق اور خیبر پختونخوا کابینہ میں نمائندگی دینی چاہیے، رہنماؤں کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر و وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں گزشتہ روز بلوچستان عوامی پارٹی کے وفاقی و صوبائی وزراء سینیٹرز، اراکین صوبائی اسمبلی اور سینئر عہدیداران کا سینٹ سیٹ، ضلع نشستوں کی صوبائی اسمبلی کی سیٹ اور آئندہ آنے والے سینٹ انتخابات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان عوامی پارٹی کے ممبرز کی جانب سے ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ ہم نے پاکستان تحریک انصاف کے سب ممبرز کو نمائندگی دی ہے لیکن اس کے برعکس وفاق اور خیبر پختونخوا کابینہ میں بلوچستان عوامی پارٹی کو نظر انداز کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہونے چاہئیں، فواد چوہدری

اب ماحول اتنا کشیدہ نہیں جتنا ایک ماہ پہلے تھا، ڈائیلاگ میں کوئی ایسی بات نہیں، ہونے چاہئیں، مسئلہ ڈائیلاگ میں نہیں آ رہا

گفتگو کیلئے اپوزیشن کی سنجیدگی ضروری ہے، میں حامی ہوں بے شک حکومت ایک قدم پیچھے لے، آگے چل کر ہم نے بڑے فیصلے کرنے ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے ایک بار پھر کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہونے چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ گفتگو کیلئے اپوزیشن کی سنجیدگی ضروری ہے، میں حامی ہوں بے شک حکومت ایک قدم پیچھے لے، آگے چل کر ہم نے بڑے فیصلے کرنے ہیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ اب ماحول اتنا کشیدہ نہیں جتنا ایک ماہ پہلے تھا، ڈائیلاگ میں کوئی ایسی بات نہیں، ہونے چاہئیں، مسئلہ ڈائیلاگ میں نہیں آ رہا، اپوزیشن نے جو شرائط رکھیں اس پر مسئلہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ فضل

مل پر ہی دیکھ لیں اپوزیشن نے کیسی شرائط رکھی تھیں، جب بھی بات ہوتی ہے اپوزیشن این آر او جیسی شرائط رکھ دیتی ہے، اپوزیشن اپنی ضد سے پیچھے نہیں ہٹے گی تو بات آگے کیسے بڑھے گی۔ فواد چوہدری نے کہا کہ مریم نواز اور شاہد خاقان جیسے لوگوں کو پیادوں کے طور پر استعمال

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

خضدار میں قائم شہید سکندر زہری یونیورسٹی کی اسی فیصد تعمیر مکمل ہوگئی

ایکٹ کا پاس ہونا، وائس چانسلر اسٹاف و اساتذہ کی تعیناتی اور کلاسز کا اجراء کا عمل تاحال مکمل نہیں ہوسکا

بلوچستان حکومت کی جانب سے جامعہ کے فعالیت میں عدم دلچسپی پر عوام کی جانب سے تشویش کا اظہار

خضدار (این این آئی) خضدار میں قائم شہید سکندر زہری یونیورسٹی کی اسی فیصد تعمیر مکمل ہوگئی، ایکٹ کا پاس ہونا، وائس چانسلر اسٹاف و اساتذہ کی تعیناتی اور کلاسز کا اجراء کا عمل تاحال مکمل نہیں ہوسکا، بلوچستان حکومت کی جانب سے اس اہم جامعہ کے فعالیت میں عدم دلچسپی پر عوام کی جانب سے تشویش کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق اربوں روپے کی لاگت سے خضدار میں شہید سکندر زہری یونیورسٹی کی بنیاد سابق دور حکومت میں رکھی گئی تھی، جس کا مقصد جھالاوان سمیت اس پورے ریجن

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد ایئرپورٹ سے 7 کلو آئس منشیات بحرین اسمگلنگ کی کوشش ناکام

اسلام آباد (این این آئی) اے ایس ایف نے کروڑوں روپے مالیت کی 7 کلوگرام آئس منشیات بیرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر اے ایس ایف نے کروڑوں روپے مالیت کی 7 کلوگرام کے قریب آئس منشیات بیرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پنجگور ٹف بال گراؤنڈ کے قریب دھماکہ 2 افراد جان بحق 8 زخمی

گزشتہ روز پنجگور کے علاقے عیسیٰ میں آفتاب کلب عیسیٰ کے گراؤنڈ میں جشن عیسیٰ کے سلسلے میں فٹبال میچ کے ختم ہونے کے فوراً بعد زوردار دھماکہ ہوا

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے پنجگور میں آفتاب فٹ بال اسٹیڈیم کے قریب دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے 24 گھنٹے میں رپورٹ طلب کرلی

پنجگور (آن لائن) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے عیسیٰ میں فٹ بال گراؤنڈ کے قریب ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ 8 زخمی سے زائد زخمی ہوگئے ہیں اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے عیسیٰ میں آفتاب کلب عیسیٰ کے گراؤنڈ میں جشن عیسیٰ کے سلسلے میں فٹبال میچ کے ختم ہونے کے فوراً بعد زوردار دھماکہ ہوا جس سے 2 افراد حسن جان ولد حسین اور جان رحیم جان ولد دل جان جاں بحق اور 8 افراد سمیر زاہد جمال جان محمود اسد، علی اور مراد زخمی ہوگئے دھماکے سے دو گاڑیاں مکمل تباہ جبکہ موٹر سائیکلوں کو بھی نقصان پہنچا پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ میں رحیم جان اور حسن جان نامی افراد جاں بحق جبکہ آٹھ زخمی ہوگئے ہیں جان بحق ہونے کا تعلق پنجگور کے علاقے یونستان سے بتایا جاتا ہے جو تمامشائی تھے اس سلسلے میں مزید تحقیق جاری ہے۔ دریں اثناء صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے پنجگور میں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

آئی ایم ایف کے درمیان ٹیکس اہداف برقرار رکھنے پر اتفاق

رواں سال عوام پر ٹیکسوں کا مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، 30 جون 2021 تک 4963 ارب روپے کا ٹیکس ہدف برقرار رہے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان ٹیکس اہداف برقرار رکھنے پر اتفاق ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق رواں سال عوام پر ٹیکسوں کا مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، 30 جون 2021 تک 4963 ارب روپے کا ٹیکس ہدف برقرار رہے گا۔ ٹیکس اہداف کے حصول کے لیے انتظامی، انفرسٹرکچر اقدامات کیے جائیں گے، رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کا وصولیوں کا ہدف حاصل کرلیا جائے گا۔ پانچ ماہ میں ایف بی آر نے ٹیکسوں کے مقررہ اہداف حاصل کرلیے ہیں اور ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں اہداف سے زیادہ رہی ہیں۔ ایف بی آر نے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

شدید دھند کے باعث موٹروے ایم ٹو، ایم تھری اور ایم فور کو ٹریفک کیلئے بند کردیا گیا

لاہور (این این آئی) شدید دھند کے باعث موٹروے ایم ٹو، ایم تھری اور ایم فور کو ٹریفک کیلئے بند کردیا گیا۔ ترجمان موٹروے کے مطابق شدید دھند کے باعث ایم ٹو لاہور سے کوٹ مومن تک اور ایم تھری لاہور سے رجانہ تک ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کردی گئی۔ دوسری جانب موٹروے ایم فور پنڈی بھٹیاں سے فیصل

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

نیب نے اپنے قیام سے اب تک 714 ارب روپے قومی خزانہ میں جمع کروائے ہیں، جسٹس (ر) جاوید اقبال

نیب نے اپنے قیام سے لے کر اب تک بلواسطہ اور بلاواسطہ طور پر 714 ارب روپے قومی خزانہ میں جمع کروائے ہیں

نیب بدعنوانی کے خاتمے کو قومی فرض سمجھ کر ادا کر رہا ہے، نیب کرپشن فری پاکستان کے لئے پرعزم ہے، چیئرمین نیب

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب بدعنوانی کے خاتمے کو قومی فرض سمجھ کر ادا کر رہا ہے۔ نیب کرپشن فری پاکستان کے لئے پرعزم ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ بدعنوانی کے خاتمے اور بدعنوان عناصر سے لوٹی گئی رقم وصول کرنے کے لئے قائم کیا گیا۔ نیب نے اپنے قیام سے لے کر اب تک بلواسطہ اور بلاواسطہ طور پر 714 ارب روپے قومی خزانہ میں جمع کروائے ہیں۔ جبکہ نیب مقدمات میں سزا کی شرح

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: لیاقت باغ کے رکن شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی تصویر کا سامنے کھڑے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاکستان نیول اکیڈمی میں 114 ویں مڈشپ مین پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد

ہماری امن دوستی کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، مسلح افواج ہر طرح کے مذموم ارادوں سے آگاہ ہے، نیول چیف

کراچی (این این آئی) پاکستان نیول اکیڈمی میں 114 ویں مڈشپ مین پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد ہوا، جس میں 102 پاکستانی، 64 دوست ممالک کے افسران نے کمیشن حاصل کیا۔ پاک بحریہ کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق پاکستان نیول اکیڈمی میں 114 ویں مڈشپ مین پاسنگ آؤٹ پریڈ میں امیر البحر ایڈمرل محمد امجد خان نیازی بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ پاک بحریہ جدید اثاثوں کے ساتھ عالمی پانیوں میں ہمہ وقت موجود ہے۔ امیر البحر نے کہا کہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پمز ہسپتال میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کا دھرنا مسلسل 28 ویں روز بھی جاری

حکومت کو ہر حال میں ایم ٹی آئی ایکٹ واپس لینا پڑے گا، ایکٹ کی واپسی تک دھرنا جاری رہے گا، کمیٹی کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) پمز ہسپتال میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کا دھرنا مسلسل 28 ویں روز بھی جاری، گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر اسفندیار سے ہسپتال کے تمام کنسلٹنٹس اور پروفیسرز کی ملاقات ہوئی جس میں ایک ایکشن کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔ کمیٹی میں پروفیسر ہاشم رضا، پروفیسر رانا عمران سکندر، پروفیسر عاطف شامی، پروفیسر ایس ایچ وقار اور پروفیسر عنیزہ جمیل شامل ہیں۔ ایکشن کمیٹی برائے ایم ٹی آئی مذاکرات کیلئے آنے والوں سے بات کرے گی۔ کمیٹی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں جمہوریت کے بے بنیاد دعوؤں کے بھارتی وزیراعظم کے بیان کو مسترد کردیا

آر ایس ایس بی جے پی کی نام نہاد جمہوریت صرف بندوق کے زور پر کشمیریوں کی آواز دبانے کیلئے ہے، زاہد حفیظ چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں جمہوریت کے بے بنیاد دعوؤں کے بھارتی وزیراعظم کے بیان کو مسترد کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں جمہوریت کے بے بنیاد دعوؤں کے بھارتی وزیراعظم کے بیان کو مسترد کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ جموں و کشمیر میں جمہوریت کے دعوے بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہیں۔ ترجمان زاہد حفیظ چوہدری نے کہا کہ آر ایس ایس بی جے پی کی نام نہاد جمہوریت صرف بندوق کے زور پر کشمیریوں کی آواز

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

لاہور: شدید دھند کے باعث شہر میں ٹریفک دن کے وقت بھی لائٹیں جلا کر گزر رہی ہے

پی ڈی ایم کلیئر جعلی حکومت سے مذاکرات نہیں ہوں گے، مریم نواز

پارٹی میں ضمنی انتخاب میں حصہ لینے کے حوالے سے دو رائے پائی جاتی ہیں، پی ڈی ایم جو بھی حتمی فیصلہ کرے گی اس کی پابندی کریں گے

غیر محسوس کردار پیچھے ہٹ رہے ہیں، جب وزراء کو جواب نہیں دیا گیا تو اور لوگوں کو بھگایا جا رہا ہے، نائب صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ پاکستان کی عوام کو پہلے بھی غیر محسوس کردار نظر آ رہے تھے لیکن اب غیر محسوس کردار پیچھے ہٹ رہے ہیں، جب وزراء کو جواب نہیں دیا گیا تو اور لوگوں کو بھگایا جا رہا ہے لیکن پی ڈی ایم بالکل ہوتے، مسلم لیگ (ن) میں ضمنی انتخاب میں حصہ لینے کے حوالے سے دو رائے پائی جاتی ہیں لیکن پی ڈی ایم جو بھی حتمی فیصلہ کرے گی ہم اس کی پابندی کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ (ن) کی شہید چیئرمین

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

تیز طوفانی ہواؤں کے باعث کلی روز آباد کے کھمبے زمین بوس ہوگئے

نوکنڈی (آن لائن) تیز طوفانی ہواؤں کے باعث کلی روز آباد کے کھمبے زمین بوس ہوگئے شہر کے نصف آبادی تاریکی میں ڈوب گیا تفصیلات کے مطابق ہفتے کے روز تیز طوفانی ہواؤں کے باعث کلی روز آباد کے دو کھمبے زمین بوس ہوگیا جس کے سبب شہر کے نصف

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

شدید دھند کی وجہ سے لاہور ائیرپورٹ پر اندرون اور بیرون ممالک سے آنے اور جانے والی پروازوں کا شیڈول بری طرح متاثر

لاہور (این این آئی) شدید دھند کی وجہ سے علامہ اقبال انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر اندرون اور بیرون ممالک سے آنے اور جانے والی پروازوں کا شیڈول بری طرح متاثر رہا، شدید ترین دھند کے باعث ہفتہ کی رات بھی فلائٹ آپریشن معطل کر دیا گیا اور اندرون اور بیرون ممالک جانے اور آنے والی تمام پروازیں منسوخ کر دی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

موجودہ نااہل حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، پیپلز پارٹی بلوچستان

پی ڈی ایم کی تحریک عوام کو نااہل حکمرانوں سے نجات دلا کر دم لے گی، حاجی علی مدد جتک بدیگر کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے باعث ملک میں جمہوریت بحال ہوئی ہے، پیپلز پارٹی نے اپنے پانچ سالہ دور اقتدار میں جمہوریت کو مضبوط کیا، موجودہ سلیکٹڈ اور نااہل حکمرانوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے پی ڈی ایم کی تحریک عوام کو نااہل حکمرانوں سے نجات دلا کر دم لے گی، گڑھی خدا بخش میں شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو کی برسی کا جلسہ حکمرانوں کے تابوت

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پنجاب پبلک سروس کمیشن کے تحت صوبائی مقابلے کے امتحانات میں انوکھے انکشافات

لاہور (آن لائن) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے تحت صوبائی مقابلے کے امتحانات میں انوکھے انکشافات، اہل امیدواروں کی کمی کے باعث ہر سال سیکڑوں اسامیاں خالی رہ جاتی ہیں۔ کمیشن کی سالانہ رپورٹ کے مطابق ان امتحانات میں شریک امیدوار

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں، میر نور محمد

پارٹی قائد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی سرپرستی میں بلوچستان اور اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کے تمام بنیادی اجتماعی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہوں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی تعاون اور توجہ سے حلقہ انتخاب کے عوام کے بنیادی مسائل حل ہو رہے ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

27 دسمبر 2020ء

اپوزیشن میں انتشار

وزیراعظم عمران خان اوران کے وزراء کا خیال ہے کہ پی ڈی ایم اپنے آپسی اختلافات کی وجہ سے ختم ہوجائے گی۔ خاص طور سے پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی پارٹی جمعیت علمائے اسلام میں جو اختلافات سامنے آرہے ہیں اسے دیکھتے ہوئے حکومتی اراکین پی ڈی ایم کے خاتمے کی پیشگوئی کررہے ہیں۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے جے یو آئی کی مجلس عامہ کے ذریعہ اپنے چار ممتاز رہنماؤں مولانا شیرانی، حافظ حسین احمد، گل نصیب اور شجاع الملک کو ڈسپلن کی خلاف ورزی کے الزام میں پارٹی سے نکال دیا ہے۔ جمعیت علمائے اسلام کی سیاست میں مذکورہ رہنماؤں کے کردار سے وقف عناصر جانتے ہیں کہ ان شخصیات کی علیحدگی سے جمعیت کی قوت ضرور متاثر ہوگی۔ داخلی انتشار کے علاوہ مولانا فضل الرحمٰن کو پی ڈی ایم کی مختلف جماعتوں کے درمیان اختلافات کا بھی سامنا ہے۔ پی ڈی ایم کے مردان جلسے میں پیپلز پارٹی کی عدم شمولیت کے جواب میں اب امکان ہے۔ کہ مولانا فضل الرحمٰن بینظیر بھٹو کی برسی کی تقریبات میں شرکت کیلئے لاڑکانہ نہیں جائیں گے۔ دوسری جانب مفاہمتی عمل بھی جاری ہے۔ محمد علی درانی نے گذشتہ روز جیل میں شہباز شریف سے ملاقات کی اور انھیں پیر پگاڑا کا خصوصی پیغام پہنچایا۔ جس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ قومی سیاست میں ٹکراؤ کی صورتحال سب کے لئے نقصان دہ ہے۔ اور ماحول کو بہتر بنانے کیلئے گرینڈ قومی ڈائیلاگ کی ضرورت ہے۔ ملاقات کے بعد محمد علی درانی نے مختلف ٹی وی چینلوں کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ شہباز شریف کا رویہ مثبت دیا۔ البتہ شہباز شریف جیل میں رہتے ہوئے اس سلسلے میں کوئی عملی کردار ادا کرنے سے قاصر ہیں۔ اب بعض عناصر کا خیال ہے کہ قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف کرپشن کے مقدمات میں جیل میں ہیں۔ اور اگر انھیں باہر نکال دیا جائے تو اس سے کرپشن کیسیز میں رعایت نہ دینے سے وزیراعظم عمران خان کے موقف کو نقصان پہنچے گا۔ لیکن یہ بات اس اعتبار سے درست نہیں کہ احتساب کے عمل کو جاری رکھتے اور خود شہباز شریف پر الزامات کی تحقیقات کو آگے بڑھانے کیلئے یہ ضروری نہیں کہ انھیں جیل میں ہی رہنا پڑے۔ ملک میں عدالتیں موجود ہیں اور ان کے خلاف مقدمات ان عدالتوں میں چل سکتے ہیں۔ بہرحال احتساب کے عمل کو جاری رکھتے ہوئے اپوزیشن اور حکومت کے درمیان مذاکرات ہونے چاہیں۔

مولانا پر "پکا" ہاتھ ڈالنے کے منصوبے (آخری قسط)

نصرت جاوید

باآسانی تصور میں لاسکتے ہیں جو اس جماعت کو سندھ میں اپنی حکومت کو برقرار رکھنے کو مجبور کئے ہوئے ہیں۔ سینٹ کی خالی ہونے والی نشستوں کے لئے ہوا انتخاب اسے نقصان کے بجائے فائدہ دیتا نظر آرہا ہے۔ عمران حکومت کے خلاف پیپلز پارٹی تخت یا تختہ والا معرکہ فقط اسی صورت اختیار کرنے کو مجبور ہوگی اگر سینٹ میں اکثریتی جماعت بن جانے کے بعد تحریک انصاف اٹھارویں ترمیم کی "خامیاں" دور کرتے ہوئے صوبائی حکومت کے اختیارات کو محدود تر بنانے کی کوششوں میں مصروف ہوجائے۔ اسمبلیوں سے مستعفی ہونے میں ہچکچاہٹ دکھاتے ہوئے پیپلز پارٹی 1985 کے تلخ تجربات کو ہمہ وقت ذہن میں رکھتی ہے۔ اس برس ضیاء حکومت "غیر جماعتی انتخابات" کے ذریعے پارلیمان بحال کرنے کو مجبور ہوئی۔ ایم آر ڈی میں شامل جماعتوں نے مذکورہ انتخابات کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا۔ نجی محفلوں میں مرحوم غلام مصطفیٰ جتوئی اس فیصلے کی بابت ہمیشہ تاسف کا اظہار کرتے رہے۔ 1985 کے انتخابات نے ان سیاسی عناصر کو تقویت پہنچائی جنہیں بلدیاتی نظام کے ذریعے روایتی سیاستدانوں کے مقابلے میں توانا تر بنایا گیا تھا۔ پیپلز پارٹی سندھ میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے جو حلقے اپنے استعفوں سے خالی کرے گی انہیں پُر کرنے کے لئے ضمنی انتخابات ہوں گے۔ پیپلز پارٹی کے لئے ان انتخابات سے لاتعلق رہنا ناممکن ہوگا۔ وہ اپنے روایتی حریفوں کے لئے میدان چھوڑنا نہیں چاہے گی۔ ان ہی نشستوں کو واپس لینے کے لئے انتخابی مہم میں مصروف ہوجائے گی جنہیں استعفے دے کر خالی کیا جائے گا۔ نواز شریف کے نام سے منسوب ہوئی جماعت کے "سنجیدہ اور تجربہ کار" اراکین کی اکثریت بھی ایسی ہی سوچ کی حامل ہے۔ 1985 سے وہ پنجاب میں طاقت ور ترین Electables شمار ہورہے ہیں۔ مقامی "شریکوں" کو وہ بھی اسمبلیوں سے مستعفی ہوکر سیاسی اعتبار سے طاقت ور نہیں بنانا چاہیں گے۔ وسطی پنجاب میں تاہم نواز شریف سے وابستہ ایک ووٹ بینک بھی ہے۔ اپنے قائد کو "وفا" دیتا مسلم لیگی اس کی قوت سے محروم ہوجائے گا۔ فقط "ذاتی حیثیت" میں منتخب ہونے کے قابل نہیں رہے گا۔ چودھری نثار علی خان 1985 سے مسلسل قومی اسمبلی کے لئے منتخب ہوتے رہے۔ جولائی 2018 میں "آزاد" ہوئے تو فقط صوبائی اسمبلی کی نشست ہی جیت پائے۔ ابھی تک انہوں نے پنجاب اسمبلی کی رکنیت کا حلف بھی نہیں اٹھایا ہے۔ سیاسی اعتبار سے تنہا ہوئے نظر آرہے ہیں۔ نواز شریف کے نام سے منسوب مسلم لیگ کے دیگر چودھری اور ڈیرے دار ایسی تنہائی کے متحمل ہوہی نہیں سکتے۔ عمران حکومت کو گماں ہے کہ ایسے اراکین کی مشکلات کو ذہن میں رکھتے ہوئے نواز شریف انہیں ایک حد سے زیادہ "آزمانا" نہیں چاہیں گے۔ غالباً ان ہی کی تسلی کے لئے نواز شریف نے لاہور والے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے "نام لینے" سے گریز کیا۔

اپوزیشن کی دونوں بڑی جماعتوں میں اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کے حوالے سے پھیلا کنفیوژن عمران حکومت کے اطمینان کا بنیادی سبب ہے۔ اس کے وزیروں اور مشیروں کو اصل فکر تاہم مولانا فضل الرحمٰن کی بابت لاحق ہے۔ وہ بہت سنجیدگی سے یہ طے کرچکے ہیں کہ PDM میں فقط مولانا ہی عمران حکومت کو ہر صورت گھر بھیجنے پر تلے بیٹھے ہیں۔ انہیں "سنبھال" لیا جائے تو حکومت کو استحکام نصیب ہوجائے گا۔ مولانا فضل الرحمٰن کو قابو میں لانے پر توجہ دیتے ہوئے یہ سوچ بھی ذہن میں رکھی جارہی ہے کہ ہمارے "مقتدر" حلقے بھی ان کی "انتہا پسندی" سے نالاں ہیں۔ مولانا کا کھو لینے والی گیم کو لیڈ ان کی سرپرستی اور تعاون بھی فراہم ہوجائیں گے۔ نیب والے بضد ہیں کہ ان کے پاس مولانا کو گرفتار کرنے اور بعدازاں احتساب عدالتوں سے سزا دلوانے کے لئے ٹھوس مواد موجود ہے۔ مولانا اگرچہ مستقل نیب کو اپنی گرفتاری کے لئے للکار رہے ہیں۔ ان کے حامیوں نے واضح انداز میں یہ عندیہ بھی دیا کہ مولانا کی گرفتاری کے بعد ملک کے کئی شہروں میں چند ایسی "عمارتوں" کے باہر دھرنے دیئے جائیں گے جنہیں سیاسی تصادم کے تلخ ترین لمحات میں بھی "غیر جانب دار" تصور کیا جاتا رہا ہے۔ مولانا کو "بے اثر" بنانے کے لئے ان کی جماعت ہی سے "بغاوت" کی پشت پناہی ہورہی ہے۔ حافظ حسین احمد گزشتہ کئی برسوں سے مولانا فضل الرحمٰن کی گڈبکس میں نہیں رہے۔ ان کی "بغاوت" اسی باعث زیادہ توجہ حاصل نہ کرپائی۔ بلوچستان کے مولانا شیرانی مگر ایک گھاگ اور تجربہ کار سیاستدان ہیں۔ ان کی جانب سے ہوئے وار کو مولانا فضل الرحمٰن نظرانداز نہیں کرسکتے۔ مولانا کو فقط جمعیت العلمائے اسلام میں ہوئی "بغاوت" کے ذریعے کمزور بنانے کی کوشش ہی نہیں ہورہی۔ مولانا شیرانی کی "بغاوت" سے کہیں زیادہ اہم وہ سوالات ہیں جو دیوبندی مسلک کے مدرسوں کی تنظیم کی بابت اٹھانا شروع ہوگئے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کو باور کروانے کی کوشش ہورہی ہے کہ وہ "دینی" تعلیم کی خاطر قائم ہوئے مدرسوں کو "سیاسی" مقاصد کے لئے استعمال کررہے ہیں۔ چند قابل اعتبار ذرائع سے مجھ تک یہ خبر پہنچی ہے کہ دینی مدرسے چلانے والوں کے ایک اجلاس میں جب ایسے سوالات اٹھے تو مولانا نے چند "نام" لیتے ہوئے اعتراض اٹھانے والوں کو حیران کردیا۔ چند ریاستی اداروں سے وابستہ یہ نام مولانا کی نگاہ میں مدرسوں کو "سیاسی" مقاصد کے لئے ہی استعمال کررہے تھے۔ خود پر اعتراض کرنے والوں کو مولانا نے پیغام دیا کہ مدرسوں کو فقط "دین کے فروغ" تک محدود رکھنے کے لئے ان ناموں سے لاتعلقی کو یقینی بنائیں۔

PDM کے لاہور والے جلسے کی "ناکامی" کے بعد بہت ہی پُراعتماد ہوئی عمران حکومت تاہم مولانا فضل الرحمٰن کو Multi Pronged حملوں کے ذریعے قابو میں لانے کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہے۔ یوں کرتے ہوئے یہ حقیقت فراموش کردی گئی ہے کہ سیاسی اعتبار سے مولانا سب سے زیادہ Vulnerable ان ایام میں تھے جب اپنے والد مولانا مفتی محمود کی وفات کے بعد انہوں نے جمعیت العلمائے اسلام کی قیادت سنبھالی۔ مرحوم مفتی محمود اپنی زندگی ہی میں ضیاء حکومت کے خلاف بنائے اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد میں شامل ہوچکے تھے۔ جمعیت العلمائے اسلام میں شامل مولانا سمیع الحق جیسے قدآور علماء نے ضیاء الحق کی "اسلام پسند" حکومت کے خلاف ایم آر ڈی کے نام سے بنائے اتحاد کے خلاف تحفظات کا اظہار کرنا شروع کردیا۔ مولانا فضل الرحمٰن مگر ایم آر ڈی سے وابستہ رہے۔ اس کی بدولت جمعیت العلمائے اسلام دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ 1988 کے بعد مگر مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت میں قائم جمعیت سیاسی اعتبار سے حیران کن حد تک طاقت ور ثابت ہونا شروع ہوگئی۔ 2020 کے مولانا فضل الرحمٰن 1980 کی دہائی کے مقابلے میں آج کہیں زیادہ مؤثر ہیں۔

تنظیم سازی کے لئے ہمہ وقت متحرک رہتے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر کسی نہ کسی شہر میں اپنی جماعت کے سرکردہ رہنماؤں سے رابطوں کو یقینی بناتے ہیں۔ 2019 میں ان کی جانب سے ہوا لانگ مارچ اپنے مقاصد حاصل کرنے میں یقیناً ناکام رہا۔ مولانا مگر اس سے دلبرداشتہ نہیں ہوئے اور بالآخر اپوزیشن کی دونوں بڑی جماعتوں کو اپنی قیادت میں PDM قائم کرنے کو مجبور کردیا۔ مولانا کو "قابو" میں لانے کے لئے بہت مہارت کے ساتھ کوئی گیم سوچنا ہوگی۔ پنجابی محاورے والا "پکا" ہاتھ نہ ڈالا گیا تو ان کے خلاف چلی چالیں اُلٹا اثر دکھانا شروع ہوجائیں گی۔

شکریہ نوائے وقت

ایران کے ایٹمی سائنس دان کی شہادت

میر افسر امان

نومبر ۲۰۲۰ء کو اسلامی جمہوریہ ایران کے صوبے تہران میں جمعہ کی ایک شام کو اسرائیل کے دہشت گردوں نے ایران کے ایٹمی سائنسدان ہیڈ آف ریسرچ اینڈ انوویشن، آرگنیزیشن آف دی منسٹری آف ڈیفنس آف اسلامک ری پبلک آف ایران، محسن فخیر زادہ کو اس کے کچھ ساتھیوں سمیت شہید کردیا۔ یہ خبر میڈیا میں پھیل گئی۔ لوگ اس کا اندازہ کرتے رہے کہ کون قاتل ہوسکتا ہے۔ بعد میں ایران نے اس کا الزام اسرائیل پر لگایا۔ یہ کوئی نئی بات نہیں اسرائیل نے اپنے انجام تک کو شہید کیا۔ اب وہ مسلمان ملکوں کسی بھی علمی، تحقیقی اور ایٹمی شخصیت کو آگے بڑھنے سے پہلے ہی راستے سے ہٹا دیتا ہے۔ اس کے ساتھ امریکا اور مسلم دشمن طاقتیں شریک نظر آتی ہیں۔ میڈیا میں مسلم دنیا کے ایسے ایٹمی سائنس دانوں کی لسٹ موجود ہے جنہیں یہود و نصاریٰ اور مسلم دشمن قوتوں نے مختلف وقتوں میں شہید کیا ہے۔

خاتون سلوٹی حبیب:۔ جو کویت سے تعلق رکھتی تھی۔ اس نے صیہونیوں کی طرف سے عرب اور افریقی مسلمانوں کے خلاف سازشوں کو بے نقاب کیا تو اسے اس کے فلیٹ میں ذبح کر دیا گیا۔ سمیر نجیب:۔ یہ مصر کا باشندہ تھا۔ ایٹمی سائنس دان تھا۔ اس کے سائنسی کام کو چوری کیا گیا۔ امریکا سے مصر واپسی پر ۱۹۶۹ء میں شہید کر دیا گیا۔ سلیمی اللہ:۔ کا تعلق بھی مصر سے تھا۔ اسے عراق کے ایٹمی پروگرام کا بابا کہا جاتا تھا۔ ایٹمی ری ایکٹر بارے اس کے پچاس تحقیقی مقالے ہیں۔ ۱۹۸۰ء میں اسے پیرس میں شہید کر دیا گیا۔ حسن کامل الصباح:۔ کا تعلق لبنان سے تھا۔ یہ الیکٹیکل انجینئر تھا۔ اسے ۱۹۳۵ء میں امریکا میں شہید کیا گیا۔ ڈاکٹر نبیل القلینی:۔ مصری ایٹمی سائنس دان تھا۔ یورینیم کو افزودہ کرنے کی تحقیقات کی تھیں۔ ۱۹۷۵ء میں ان کو گم کر دیا گیا۔ آج تک ان کے اتا پتا کسی کو بھی معلوم نہیں۔ مصطفیٰ مشرف:۔ مصر کے فزکس کے ماہر سائنس دان، جسے عرب کا آئن اسٹائن کہا جاتا تھا کو ۱۹۵۰ء میں موساد نے شہید کر دیا۔ حسن رمال:۔ لبنان کے فزکس کے سائنس دان تھے۔ اس نے ۱۱۹ سے زائد سائنسی ایجادات کی تھیں۔ ۱۹۹۱ء میں فرانس میں شہید کر دیا گیا۔ سمیرہ موسیٰ:۔ مصری خاتون ایٹمی طاقت کو صحت اور بجلی پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنے کے طریقے ایجاد کیے تھے۔ اس کو امریکا کے دورے کے دوران شہید کر دیا گیا۔ خود پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھنے والے ذوالفقار علی بھٹو سابق وزیر اعظم پاکستان کو ہنری کیسنگر نے ایٹمی پروگرام کی وجہ سے مارنے کے دھمکی دی تھی۔ امریکا نے ایٹمی سائنس دان قدیر خان کو ڈکٹیٹر پرویز مشرف کے ذریعے حاصل کرنے کی کوشش کی۔ جسے سابق وزیر اعظم مرحوم میر جمالی نے ناکام بنایا۔ میڈیا ٹرائیل کے ذریعے ڈکٹیٹر مشرف نے اسے دنیا کے سامنے ذلیل کیا۔ اسرائیل نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام پر بھارت سے مل کر حملہ کوشش کی، جسے پاکستان نے ناکام بنایا۔ عراق کے ایٹمی پروگرام کو اسرائیل نے بمباری کر کے تباہ کیا۔ امریکا نے لیبیا کو ایٹمی پروگرام ترک کرنے پر مجبور کیا گیا۔ اب یہ ایران کے ایٹمی پروگرام کے پیچھے پڑیں ہے۔ کیا یہ ثبوت کافی نہیں کہ ایران کے ایٹمی سائنس دان محسن فقیر زادہ کی شہادت کو بھی اسی سلسلے کی کڑی سمجھا جائے۔ ڈونلڈ ٹرمپ سابق صدر امریکا نے یورپی ملکوں اور امریکا کے درمیان ایٹمی معاہدے کو یک طرفہ منسوخ کردیا تھا۔ دیکھتے ہیں امریکا کا نیا صدر کیا کرتا ہے؟ اسرائیل نے خود خفیہ طریقے سے ایٹمی طاقت حاصل کی ہوئی ہے۔ (جاری ہے)

آدھا سچ (آخری قسط)

رؤف طاہر

ان ہی داستانوں سے جگمگا رہا ہے۔ متحدہ ہندوستان کے دیگر علاقوں میں بھی صورت حال مختلف نہ تھی۔ نامور ادیب وخطیب آغا شورش کاشمیری آزادی کے متوالے اسی قافلۂ سخت جاں کے ہم سفر تھے۔ اپنی خودنوشت "بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغ محفل" میں لکھتے ہیں: "پنجاب کے شیروں کو یہ امتیاز حاصل تھا کہ وہ سیاسیات میں نئے نئے ہنگامے پیدا کرتے۔ جلیانوالہ باغ یہاں تھا۔ مارشل لاء یہاں لگا، تحریک کشمیر یہاں سے اٹھی، سکھوں نے یہاں مورچہ لگایا۔ نامور انقلابی یہاں سے ابھرے۔ اردو کے بڑے بڑے اخبارات یہاں سے نکلتے تھے۔ کانگریس نے یہاں راوی کے کنارے آزادی کامل کا ریزولیوشن پاس کیا۔ خاکسار تحریک یہاں سے اٹھی۔ احرار یہاں سے اٹھے۔ مسلم لیگ نے پاکستان کا ریزولیوشن یہاں پاس کیا۔ پنجاب نے حالی پیدا کیا، اقبال کو جنم دیا۔ ظفر علی خاں کو جنا، سید عطاء اللہ شاہ بخاری اٹھے لیکن اس کا تاج دوسروں کے سر چمکتا رہا"۔

اور تصویر کا دوسرا رخ۔۔۔ آغا شورش نے لکھا: مغربی پنجاب کے اضلاع برطانوی حکومت کی عسکری کان تھے۔ ادھر مسلمانوں میں پیر پرستی راسخ کی گئی۔ اُدھر "تعزمن تشاء وتذل من تشاء" کی ملوکانہ تفسیر مسلمان عوام کے دلوں پر نقش کی گئی۔ تقدیر کا خالمانہ تصور ان کے دلوں میں بیٹھ گیا۔ ان کی معیشت جاگیر داروں کو دے دی گئی۔ انہیں اور ان کے لگے بندھوں کو فوج اور پولیس میں بھرتی کر کے ترغیب وتحریص کے دام میں پھانسا۔ انہوں پر ظلم کرنا سکھایا۔ میں خود پنجابی ہوں اور مجھے اپنے پنجابی ہونے پر فخر ہے لیکن مجھے اس تصور ہی سے شرم آتی ہے کہ انگریزوں کو اپنے استعمار کی خدمت گزاری اور اپنے موقف کی وفاداری کے لیے بہترین سپاہی اور بہترین جاسوس پنجاب ہی سے ملے۔ حتیٰ کہ مسلمانوں کی وحدت کو تاراج کرنے کے لیے مرزا غلام احمد کو بھی اسی مٹی سے اٹھایا گیا۔ مرزا نے محمد عربی ﷺ کی امت میں نقب لگا کر ایک استعماری امت پیدا کی جس نے انگریزوں کی غلامی کا جواز پیدا کیا اور اس کی خاطر اتنے شرمناک کارنامے انجام دیئے کہ اس عظیم غداری کی مثال نہیں ملتی"۔

ہم نے اس وقت سیاست میں قدم رکھا تھا
جب سیاست کا صلہ آہنی زنجیریں تھیں
حق پرستوں کے لیے دار ورسن قائم تھے
خان زادوں کے لیے منفعت کی جاگیریں تھیں

تحریک پاکستان کے دوران مسلم لیگ کے مقابل یونینسٹ بھی پنجاب ہی کے تھے۔ 1937 کے انتخابات میں مسلم لیگ کو یہاں صرف دو نشستیں ملیں۔ ایک ملک برکت علی اور دوسرے راجہ غضنفر علی۔ راجہ صاحب نے یونینسٹ بننے میں دیر نہ کی۔ متحدہ پنجاب کے یونینسٹ وزیراعظم سر خضر حیات نے اچھا کیا کہ مسلم لیگ کی سول نافرمانی (مارچ 47) کے دوران، مخالفانہ نعروں کی تاب نہ لاکر مستعفی ہوگئے (کہا جاتا ہے، یہ فیصلہ انہوں نے اپنی والدہ محترمہ کے حکم پر کیا تھا) لیکن یہ حقیقت بھی اپنی جگہ کہ خضر حیات کے والد جنرل سر عمر حیات انگریز کے وفادار رہے تھے۔ سر سید احمد خان کی کتاب The Royal Mohammadans of India انگریز کے وفادار مسلمانوں کی کہانی ہے۔

محمود اچکزئی کا کچھ شکوہ، قیام پاکستان کے بعد پنجاب کے کردار کے حوالے سے بھی تھا۔ لیکن یہاں بھی "آدھا سچ" ہے۔ اب پھر وہ پنجاب تھے۔ ایک مفاد پرستوں، ابن الوقتوں اور چڑھتے سورج کے پجاریوں کا پنجاب۔ اور دوسرا جمہوری حکمرانی کے لیے برسرِ پیکار جرات مندوں کا پنجاب۔ اس میں کیا شک ہے کہ لاہور (اور پنجاب) کے امراء ورؤسا، جاگیرداروں اور بڑے زمینداروں کی بھاری اکثریت کا قبلہ ایوانِ اقتدار ہی رہا۔ تفصیل میں جانے کا محل نہیں۔ فیلڈ مارشل ایوب خان کے مقابل صدارتی انتخابات میں مادرِ ملت کو کتنے رؤسا وامراء، وڈیروں اور نوابوں کی تائید حاصل تھی۔ لاہور میں میاں افتخار الدین اور میاں بشیر احمد کے خاندان اور ادھر جنوبی پنجاب میں نواب زادہ نصر اللہ خان اور سردار شیر باز مزاری جیسے چند مردانِ جری جو قائداعظم کی ہمشیرہ کی شمع جمہوریت کو تھامے ہوئے تھے۔ بہاولپور کے میاں نظام الدین حیدر اور سرگودھا کے ذاکر قریشی کو بھی انہیں میں شامل کر لیں۔ البتہ مڈل کلاس اور لوئر مڈل کلاس کے سیاسی رہنما اور کارکن اور عام عوام کی اکثریت مادرِ ملت کے ساتھ تھی۔

اور یہ بھی لاہور ہی تھا، جہاں شیخ مجیب الرحمٰن اپنے امیدوار ملک حامد سرفراز کی انتخابی مہم (1970ء) کے لیے آئے اور یہاں کے زندہ دلوں نے گول باغ میں ان کا جلسہ الٹ دیا۔ اور شہریانِ لاہور ہی تھے، جن کی تالیوں کی گونج میں بھٹو صاحب نے آئین ساز اسمبلی کے ڈھاکا سیشن کے بائیکاٹ اور وہاں جانے والوں کی ٹانگیں توڑ دینے کا اعلان کیا اور یہ "تجویز" بھی کہ اُدھر عوامی لیگ اور اِدھر پیپلز پارٹی کو اقتدار منتقل کردیا جائے۔ جس پر عباس اطہر (مرحوم) نے "اُدھر تم، اِدھر ہم" کی سرخی جمائی ——— اور وہ بھی لاہور ہی تھا جس نے 1977ء کی بھٹو مخالف تحریک میں ہمت وجرات اور عزیمت واستقامت کی لازوال تاریخ رقم کی۔ 9 اپریل کو نیلا گنبد سے پنجاب اسمبلی کی طرف بڑھتا ہوا جلوس، نواب زادہ جس کی قیادت کررہے تھے اور سہ پہر تک جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 20 سے بڑھ گئی تھی، زخمی اڑھائی سو کے لگ بھگ تھے ——— اور 6 مئی کو کرفیو کی خلاف ورزی کرتے ہوئے نوجوان جنہوں نے بندوقوں کے سامنے سینے کھول دیئے اور ان میں سے تین جاں سے گزر گئے۔

یہودیت کا پرچار

عصر حاضر جہاں جدید سائنسی ٹیکنالوجی کے ہنگامہ خیز دور سے گذر رہا ہے وہاں ہی مذاہب کے بڑھتے ہوئے رجحانات نے اہلِ دانش نے یہودیت کے پرچار پر انگشت نمائی پر مجبور کردیا ہے۔ خبر ہے کہ یروشلم 50 ہزار یہودی عرب امارات آچکے: اگلے 8 دنوں میں 70 ہزار کی آمد

متوقع، اطلاعات کے مطابق اسرائیلی اخبار نے انکشاف کیا ہے کہ گذشتہ دو ہفتوں کے دوران کم سے کم 50 ہزار اسرائیلیوں نے امارات کا سیاحتی سفر کیا ہے۔ اسرائیلی اخبار کی رپورٹ میں کہا گیا کہ متحدہ عرب امارات اور اسرائیل کے درمیان طے پانے والے معاہدے اور دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی روابط کی بحالی کے دو ہفتوں کے دوران 50 ہزار صیہونیوں نے عرب امارات کے ان مقامات کا دورہ کیا جہاں کبھی کسی عام شہری کو رسائی نہیں تھی امریکی اخبار کی رپورٹ میں کہا گیا کہ گذشتہ دو ہفتوں کے دوران امارات بالخصوص دبئی کے بازاروں میں خوب رونقیں لگیں۔ اماراتی بازاروں میں پہلی بار بڑے پیمانے پر عبرانی بولنے والے گاہک آئے۔ اسرائیلیوں کی بڑی تعداد کو دبئی کے شاپنگ مالز اور ساحل پر دیکھا گیا۔

رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ اسرائیل میں کرونا کی وبا کے باوجود 50 ہزار سیاحوں نے امارات کا دورہ کیا اور کرونا کی وبا کے دوران سفری پابندیوں کو بھی نظرانداز کردیا۔

امریکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی حکام کو توقع ہے کہ آئندہ 8 روز کے یہودیوں کے مذہبی تہوار عید انوار کے موقعے پر 70 ہزار یہودی امارات کا دورہ کرسکتے ہیں۔

"یہود ونصار تمہارے کبھی بھی دوست نہیں ہوسکتے اللہ کا قرآن اور نبی کا فرمان ہے

اگلے دس سال: یہودی علماء کی نظر میں آخرالزمان، آمدِ مسیحا، یاجوج ماجوج اور قیامت سے پہلے برپا ہونے والے آخری معرکۂ خیر وشر جیسے موضوعات، صرف علماء اسلام ہی کا موضوع نہیں بلکہ عیسائیت اور یہودیت میں بھی یہ سب مدتوں سے زیرِ بحث اور زیرِ مطالعہ رہے ہیں۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ تینوں مذاہب کے وہ علماء، جو ان موضوعات کے ماہر سمجھے جاتے ہیں، وہ سب گذشتہ تیس سالوں سے ان واقعات کے عنقریب ظہور پذیر ہونے کی اطلاع دے رہے ہیں اور بیشتر علامات کے ظہور سے ان کے شواہد بھی پیش کررہے ہیں۔

اس علم کو "ایسکاٹالوجی" (Eschatology) کہتے ہیں، یعنی مذاہب کا ایسا علم جو موت، دنیا کے اختتام، اور جزا وسزا کے معاملات پر گفتگو کرتا ہے۔

یہود ونصار تمہارے کبھی بھی دوست نہیں ہوسکتے اللہ کا قرآن اور نبی کا فرمان ہے۔ اگلے دس سال: یہودی علماء کی نظر ایک عرصہ تک عیسائیت میں اس موضوع پر مسلسل گفتگو ہوتی رہی، لیکن یورپ کے جدید "سیکولر انقلاب" اور "چرچ کی بالادستی" کے خاتمے کے بعد اب یہ موضوع عیسائیت کے چند ایک مخصوص فرقوں اور مسلکوں تک محدود ہوکر رہ گیا ہے۔

لیکن گذشتہ تیس سالوں میں ایک دفعہ پھر اس موضوع میں اس وقت سے جان پڑی ہے، جب دنیا بھر کے سائنس دانوں خصوصاً سیارگان کی فزکس کے ماہرین نے اس بات پر کانفرنسیں منعقد کرنا شروع کیں کہ زمین کا مادہ اور ہمارے نظام شمسی میں سیاروں کی چال ڈھال یہ بتا رہی ہے کہ اب دنیا "فنا" ہونے والی ہے۔

ان سائنس دانوں کی وارننگ اور تباہی کے اندازوں کے بعد ایک دفعہ پھر انجیل مقدس کے پرانے اور نئے عہدنامے کھولے گئے اور اب عیسائیت کے تناظر میں "آخری معرکۂ خیر وشر" (Armageddon) کے بارے میں گفتگو موجودہ دور کا ایک سنجیدہ موضوع بن چکی ہے۔

عیسائیوں اور مسلمانوں سے کہیں زیادہ، یہودیوں نے اس موضوع پر تحقیق کی اور سب سے زیادہ لٹریچر بھی انہوں نے ہی تحریر کیا ہے۔

صیہونیت کی خفیہ تحریک کا آغاز، ان کا 1896ء کے اجتماع میں "ورلڈ پروٹوکولز" (Protocols) پر اتفاق، 1916ء میں برطانیہ کے ساتھ اسرائیل کے قیام کے لئے خفیہ معاہدے "بالفور ڈیکلریشن" کا اعلان، 1920ء سے جافہ، تل ابیب اور دیگر ریگستانی علاقوں کی جانب یورپ کے یہودیوں کی قافلوں کی صورت روانگی کا آغاز اور آخرکار، چودہ مئی 1948ء کو اسرائیل کے قیام تک، سارے مراحل اسی "آخری معرکۂ خیر وشر" کی جانب پیش قدمی تھے۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



قنوطیوں کا واویلا (آخری قسط)

تربر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

پنیریاں لگائیں گے؟ یاد رکھیں میرے آقا و مولیٰ خاتم النبیین ﷺ کا قول مبارک ہے کہ منافق کی تین نشانیاں ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"منافق کی تین نشانیاں ہیں، جب بات کرے تو جھوٹ کہے، جب وعدہ کرے تو اس کا خلاف کرے اور جب اس کو امانت دار سمجھا جائے تو خیانت کرے"۔ یہ نیت کی بددیانتی کا اور جھوٹی نیت کا نتیجہ ہے، کیونکہ آدمی گناہ گار اس وقت ہے جب وعدہ یا عہد کرتے وقت اس کی نیت ہی وفا کی نہ ہو یا بعد میں وفا کی نیت پر قائم نہ رہے، اگر نیت وعدہ وفا کرنے کی ہے، مگر حالات کے ہاتھوں بے اختیار ہونے کی وجہ سے وعدہ وفا نہ کرسکا تو اس پر مؤاخذہ نہیں۔۔ اللہ تعالیٰ کسی جان کو تکلیف نہیں دیتا، مگر اس کی طاقت کے مطابق (البقرۃ:286)

رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمایا: انسان کی فطرت میں خیانت اور جھوٹ کے علاوہ تمام خصلتیں ہوسکتی ہیں۔

آخر قوم کو عافیہ صدیقی کی رہائی کے بارے میں سچ سچ کیوں نہیں بتایا جاتا؟ کون سی ایسی پابندیاں ہیں کہ جن کی وجہ سے عافیہ کا نام لیتے ہی زبان پر چھالے نکل آئیں گے؟ کیا کسی نے عافیہ کی ماں کے دل کے زخموں کو دیکھا ہے؟ کیا ڈاکٹر فوزیہ کا اپنی بے گناہ بہن کیلئے مسلسل دربدر ہونا اور خاک چھاننا کوئی بیکار جائے گا؟ کیا عافیہ کے بچے جو بچپن ہی میں اپنی ماں سے محروم کردیئے گئے اور شب وروز اس کی جدائی کا ایک ایک گھونٹ پی کر عہد شباب میں قدم رکھ چکے ہیں، وہ جیلوں کی سلاخوں کے پیچھے گھٹ گھٹ کر مرجانے والی اپنی ماں پر ہونے والے اس ظلم و ناانصافی کا حساب کس سے مانگیں؟ برسوں سے ملک کی شاہراہوں اور میڈیا پر آپ کو شب وروز عافیہ کے بارے میں اپنے عہد وپیماں یاد کروانے والے جن کے خطوط کا جواب تک دینا آپ کو گوارہ نہیں، ان کی گواہیاں کیا یونہی ریکارڈ چلی جائیں گی؟

تپتے صحرا میں مرے حال پہ کوئی بھی نہ رویا
گر پھوٹ کر رویا تو میرے پاؤں کا چھالا۔

کان کھول کر سن لو: ہرگز نہیں، رب کعبہ کی قسم: عافیہ کو اس حال تک پہنچانے اور مسند اقتدار کے نشے میں عافیہ کو بھول جانے والو! یاد رکھو: یہ تمام فریادیں اور مناجات کے لہولہو الفاظ سے تمہارے خلاف اس دنیا میں اور روزِ قیامت کیلئے ایک انتہائی مضبوط "ایف آئی آر" تیار ہورہی ہے جہاں بیٹی عاف

شال بقیہ 1

69 ہزار 482 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 9 ہزار 429، پنجاب میں ایک لاکھ 35 ہزار 141، خیبر پختونخوا میں 56 ہزار 875، اسلام آباد میں 36 ہزار 981، بلوچستان میں 18 ہزار 061، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 148 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 847 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 39 ہزار 177 ہوگئی ہے، 2 ہزار 357 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 63 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 9 ہزار 816 ہوگئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں ایک ہزار 531 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 20 ہزار 489 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 2

سنگ بنیاد رکھا اور ہیلی یونیورسٹی کا افتتاح کیا۔ یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ملک کی تاریخ میں جس طرح سیاسی اپوزیشن جماعتوں نے فوج پر حملہ کیا وہ اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا اور وہ زبان استعمال کی جارہی ہے جو بھارت کی پروپیگنڈا مشین پاکستان کے خلاف استعمال کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل جنرل (ر) پرویز مشرف پر تنقید کی جاتی تھی لیکن وہ سیاسی شخصیت تھے کیوں کہ وہ ملک کے سربراہ بن چکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ سمجھتے ہیں بٹن آن کرو تو تبدیلی آجائے گی، تبدیلی پہلے دماغ میں پھر زمین پر آتی ہے، چوہال میں اس طرح کے پراجیکٹ لایا جو تبدیلی لائیں گے اور ان سے معاشرہ بدلتا ہے۔

شال بقیہ 3

انتخابات سے متعلق فیصلہ پی ڈی ایم قیادت مل کر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد (پی ڈی ایم) کی صفوں میں کوئی دراڑیں نہیں ہیں، کل جلسے میں شرکت نہ کرنے کی وجہ مولانا فضل الرحمٰن کی مصروفیات ہوں گی۔

شال بقیہ 4

جبکہ بلوچستان عوامی پارٹی ایک اچھی تعداد میں سینٹ، قومی اسمبلی اور خیبر پختونخوا اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو سپورٹ کر رہی ہے۔ پی ٹی آئی کو بھی اسی انداز سے پی اے پی کو وفاق اور خیبر پختونخوا کابینہ میں نمائندگی دینی چاہیے ہمیں وفاق میں ایک ایسا مخلوط دیا گیا ہے جس سے عوامی مسائل حل نہیں ہوتے۔

شال بقیہ 5

کیا جارہا ہے، بادشاہ تو فیصلہ کر چکے ہوتے ہیں، فیصلے کا اختیار تو نواز شریف یا شہباز شریف کے پاس ہے۔

شال بقیہ 6

آفتاب فٹ بال اسٹیڈیم کے قریب دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے 24 گھنٹے میں رپورٹ طلب کرلی۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دھماکے ظلم کی انتہا اور ناقابل برداشت ہے انسانی قیمتی جانوں کے نقصان پر شدید افسوس ہے دہشتگردوں کی یہ بزدلانہ حرکتیں قوم کو متزلزل نہیں کرسکتیں انہوں نے کہا کہ نہتے اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے میری تمام تر ہمدردیاں بم دھماکے میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین کے ساتھ ہیں انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شہر کے داخلی اور خارجی راستوں کی سیکورٹی مزید سخت کریں۔

شال بقیہ 7

محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی میں شرکت کیلئے سندھ روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینٹر رہنما سینیٹر پرویز رشید اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب سمیت دیگر بھی موجود تھے جو ان کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ مریم نواز نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی جمہوریت کیلئے بڑی قربانیاں ہیں، انہوں نے ملک کے لئے بڑی بہادری سے اپنی جان دی، میرے لئے فخر کا مقام ہے کہ مجھے ان کی برسی میں شامل ہونے کا موقع مل رہا ہے۔ بینظیر بھٹو شہید اور نواز شریف نے اس ملک کو جو میثاق جمہوریت دیا تھا اس سے تاریخ تبدیل ہوگئی، میں، بلاول اور دیگر جماعتیں اسے آگے لے کر بڑھیں گے اور مزید مضبوط کریں گے کیونکہ یہ پاکستان کی ضرورت ہے، آج پاکستان میں تقسیم بڑھ گئی ہے اور ملک کو یکجہتی کی ضرورت ہے، پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے اپنے اپنے منشور اور نظریہ ہے لیکن پاکستان کی خاطر سب اکٹھے ہیں۔ انہوں نے محمد علی درانی کی شہباز شریف سے جیل میں ملاقات کے حوالے سے سوال کے جواب میں کہا کہ جب وزراء کو جواب نہیں دیا گیا تو اور لوگوں کو بھیجا جارہا ہے، میاں صاحب نے اس فیصلہ کرلیا ہے، مولانا فضل الرحمان اور پی ڈی ایم بھی کلیئر ہے کہ اس جعلی حکومت سے مذاکرات نہیں ہوں گے، پی ڈی ایم سے این آر او مانگ رہے ہیں جو انہیں نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف تو جیل میں ہیں، کون ملنے آرہا ہے اس کا اچانک بتایا جاتا ہے پھر انکار نہیں کیا جاسکتا کیونکہ معلوم نہیں ہوتا جو ملنے آرہا ہے وہ کیا کہنے آرہا ہے، وہ کیا بات لے کر آرہا ہے۔ ویسے تو خاندان کے افراد کو ملنے کی اجازت نہیں لیکن ایسی ملاقات کے لئے بغیر کسی تحقیقات اور بغیر کسی ایشو اور رکاوٹ کے کوٹ لکھپت جیل کے راستے کھل جاتے ہیں، اس سے چیزیں واضح ہوجاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت ہی دھاندلی کی پیداوار ہے، اس کی کارکردگی انتہائی بری ہے، یہ 2018 میں میں دوٹ نہیں لے سکی تو 2020ء میں کیسے دوٹ لے سکے گی، ناکام کو گھر جانا پڑے گا، یہ سینیٹ انتخابات کو آگے کریں یا پیچھے کریں، خفیہ کریں یا شو آف ہینڈ کریں انہیں جانا پڑے گا۔ کابینہ اور ترجمانوں کے اجلاس میں سلیکٹڈ ملک کو درپیش مسائل اور بحرانوں کو زیر بحث نہیں لاتا بلکہ یہ زیر بحث آتا ہے کہ بلاول مردان نہیں گیا پی ڈی ایم میں دراڑ پڑ گئی، میں تو یہ کہتی ہوں کہ اب اس کی ذہنی حالت پر رحم آتا ہے، اس طرح دراڑ کی امیدیں لگانے سے شکست خوردہ ذہنیت کی نشانی ہے۔ انہوں نے اراکین اسمبلی کے استعفوں سے دستبرداری کے سوال کے جواب میں کہا کہ مرتضیٰ جاوید عباسی اور سجاد اعوان کے بارے میں تو گمان بھی نہیں کیا جاسکتا۔ جب یہ طے ہوا ہے کہ اراکین اسمبلی 31 دسمبر کو قیادت کو استعفے جمع کرائیں گے اور پی ڈی ایم طے کرے گی کہ سپیکرز کے پاس کب استعفے جمع کرانا ہیں تو پھر یہ حیرانی نہیں استعفے پہلے کیسے آگے پہنچ گئے۔ مجھے صوبائی اراکین کے 159 استعفے موصول ہو چکے ہیں جبکہ ایک خاتون وینٹی لیٹر پر ہیں جبکہ قومی اسمبلی کے بھی 95 استعفے موصول ہو چکے ہیں، آج لوگ حکومت نہیں بلکہ پی ڈی ایم اور (ن) لیگ کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی میں جو کام کیا گیا وہ بیک فائر کیا ہے، عوام اب بیوقوف نہیں رہے انہیں بہت شعور آگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضمنی انتخابات کے حوالے سے بحث ہورہی ہے اور اس میں دو رائے ہیں، یہ رائے مضبوط ہے کہ ہمیں ضمنی انتخاب میں حصہ نہیں لینا چاہیے اگر یہ حکومت جاری ہے تو ایک دو نشستوں کی قربانی دینے میں کوئی حرج نہیں لیکن حتمی فیصلہ پی ڈی ایم نے کرنا ہے کہ ہمیں انتخاب لڑنا ہے یا نہیں، اس حوالے سے دو یا تین جنوری کو لاہور میں ہونے والے اجلاس میں فیصلہ ہوجائے گا۔

شال بقیہ 8

قبائلی عمائدین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی تعاون اور توجہ سے حلقہ انتخاب کے عوام کے بنیادی مسائل حل ہورہے ہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی قیادت بلوچستان کی مخلوط صوبائی حکومت صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے بھرپور اقدامات کررہے ہیں صوبائی حکومت نے صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھادیا گیا جنکی تکمیل سے صوبے کے عوام اجتماعی طور پر بھرپور استفادہ حاصل کرینگے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ انٹرکالج زیارت کو ڈگری کالج کا درجہ دیا گیا ہے سنجاوی میں پولی ٹیکنیک کالج کی منظوری ہوچکی ہے سنجاوی میں اسپورٹس اسٹیڈیم، گریڈ اسٹیشن، سنجاوی تا لورا لائی روڈ سنجاوی کے انتظامی حدود پر سنجاوی بائی پاس پر کام جاری ہے خانوزئی کراس تا زیارت اور سنجاوی روڈ کی منظور ہوچکی ہے، اسکے علاوہ ہرنائی کوئٹہ ہرنائی سنجاوی روڈ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل ہے جس پر وفاقی حکومت نے جلد از جلد عمل درآمد کرنے کی یقین دہانی کی ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کارکن کسی بھی پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں پارٹی کارکنوں، سپورٹروں کو کبھی بھی مایوس نہیں کریں گے ان کے تمام جائز مسائل حل کرینگے انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں ہی اپنی آئینی مدت پوری کریگی صوبائی حکومت کو کوئی خطرہ نہیں عدم اعتماد لانے والے اپنا یہ شوق بھی پورا کرے لیکن حشر سینیٹ چیئرمین کے عدم اعتماد جیسا ہوگا۔

شال بقیہ 9

پر حاضری دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ قائد اعظم کی خواہش تھی کہ ملک میں کسی سے امتیازی سلوک نہ ہو مگر ان کے خیالات کی خلاف ورزی ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک پارلیمنٹیرین کا فورم پارلیمان ہے وہ وہیں اپنے بات کریگا، شہزاد اکبر نے بھی ان کی تائید کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کسی کو دھمکی نہیں دے رہے، نیب کورٹ میں اپنا جواب دوبھی دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا کے خلاف نیب کو استعمال کرکے کیا پیغام دیا جارہا ہے کہ نیب ایک ریاستی ادارے کے طور پر استعمال ہورہا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے واضح کہہ دیا ہے کہ سینیٹ انتخابات اپنے وقت پر ہوں گے۔

شال بقیہ 10

دونوں سی ون تھرٹی طیاروں نے برادر ملک کے لئے 000.34 پاؤنڈ سے زائد امدادی سامان پہنچایا۔ نیامے میں ناظم کے نگران وزیر خارجہ سمیت متعدد سرکاری اور فوجی معززین نے طیارے اور اس کے عملے کا استقبال کیا۔ اس موقع پر موجود ناظم میں تعینات پاکستان کے سفیر احمد علی سروی نے مشکل کی اس گھڑی میں دونوں ممالک کے مابین قائم باہمی اعتماد اور ہم آہنگی کے تاریخی رشتے کو اجاگر کیا۔ پاک فضائیہ کا ٹرانسپورٹ فلیٹ قوم کی خدمت کرنے کی شاندار تاریخ کا حامل ہے جو نہ صرف اندرون ملک بلکہ دوست ممالک کے لیے بھی امدادی سرگرمیوں میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے۔

شال بقیہ 11

ہے، ٹیکس صاحب حیثیت افراد سے وصولی کیا جارہا ہے۔ ہفتہ کو سرکاری ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کورونا وبا کے دوران حکومت نے معاشی حوالے سے اہم فیصلے کئے۔ انہوں نے کہا کہ ایک کروڑ پچاس لاکھ افراد خاص طور پر خواتین کو مالی معاونت فراہم کی گئی احساس پروگرام کے تحت فی خاندان 12 ہزار روپے دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کے دوران کاروباری شعبے کو بھی کئی مراعات دیں، چھوٹی صنعتوں کے بجلی کے بل حکومت نے ادا کئے، بڑی صنعتوں کے قرضوں کی واپسی کو ایک سال کے لئے موخر کیا گیا ان کے ملازمین کے لئے پیرول سکیم دی گئی تاکہ وہ بے روزگار نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ برآمدی شعبے کو 250 ارب روپے کے ری فنڈز ادا کئے گئے۔ اس کے ساتھ گیس بجلی اور قرضوں پر سبسڈی دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات کی بدولت ٹیکسٹائل کی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ آٹو موبیل سیمنٹ کھاد موٹر سائیکل کی صنعت میں بہتری آرہی ہے ہیں۔ صنعتوں کا پہیہ چلنے سے سیالکوٹ فیصل آباد اور دوسری جگہوں پر لیبر کی کمی کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت حکومت کا پرائمری بیلنس یعنی آمدن اور اخراجات کا بیلنس مثبت ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ کا بیرونی خسارہ بھی پانچ ماہ سے سرپلس ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ کوشش ہے گندم اور چینی درآمد کرکے ان کی قیمتیں مزید کم کی جائیں، ملک میں ملازمتوں کے نئے مواقعوں کے لئے کامیاب جوان پروگرام اور تعمیراتی شعبے کو مراعات دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے گھروں کی سکیم کے لئے 36 ارب رکھے ہیں۔ پام آئل کی درآمد پر ٹیکس کم کیا گیا ہے تاکہ عوام پر کم بوجھ پڑے۔ زرعی پیداوار میں اضافے کے لئے کھاد پر سبسڈی دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹماٹر پیاز اور دوسری چیزوں کی قیمتوں میں کافی کمی آئی ہے۔ پچھلے پانچ سے سات ہفتے کے دوران اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل کمی آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کے باوجود جولائی تا نومبر کے دوران ٹیکس وصولی میں 5 فیصد اضافہ ہوا ہے، صاحب حیثیت افراد سے ٹیکس وصولی کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 12

فوجی معززین نے طیارے اور عملے کا استقبال کیا، پاک فضائیہ کا ٹرانسپورٹ فلیٹ اندرون ملک اور دوست ممالک کے لیے امدادی سرگرمیوں میں ہمیشہ پیش پیش رہا۔

شال بقیہ 13

ہیلتھ لگائیں گی۔ ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں سینیٹ میں اپوزیشن کی تمام جماعتوں کا اہم اجلاس طلب کرلیا گیا ہے، یہ اجلاس 30 دسمبر کی صبح 10 بجے پارلیمنٹ ہاؤس کمیٹی روم نمبر 1 میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں چیئرمین نیب کو طلب کرنے سمیت ایجنڈے پر غور کیا جائے گا، سلیم مانڈوی والا کی تحریک استحقاق شامل نہ کرنے کے بعد کی حکمت عملی پر غور ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن رہنما کا کہنا ہے کہ چیئرمین نیب کی پارلیمان میں طلبی کے مؤقف پر قائم ہیں، چیئرمین نیب کے خلاف تحریک استحقاق اور قرارداد واپس نہیں لی جائے گی۔

شال بقیہ 14

عرصے میں بے یو آئی (ف) کی مالی ضروریات پوری کرتا رہا۔ اعظم سواتی نے حافظ حسین احمد کو انمول ہیرا قرار دیتے ہوئے کہا کہ کاش وہ پی ٹی آئی میں شامل ہوجائیں، انہوں نے انکشاف کیا کہ حافظ حسین کو دو ہزار گیارہ میں کئی بار عمران خان کے پاس لیکر گیا تھا، فضل الرحمان نے نجانے کیوں محمد حسین کو قابلیت کے باوجود پیچھے رکھا، حافظ حسین احمد کو وہ مقام اور عزت نہیں دی جس کے وہ حق دار ہیں۔ اعظم سواتی نے بتایا کہ بے یو آئی کی پیچانی کیفیت کا باب مولانا شیرانی سے شروع ہوا، مولانا شیرانی زیرک سیاستدان اور اعلیٰ ترین عالم دین ہیں، ان کا علم بغاوت حق اور سچ کی آواز ہے یہ علما کی تاریخ دہرا رہے ہیں، اعظم سواتی نے مولانا شجاع الملک کو بھی بہادر، سچا اور کھرا انسان قرار دیتے ہوئے کہا کہ پورے پاکستان کے علماء ولانا شجاع الملک کی آواز بنیں۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ سینیٹر راحت حسین کی فضل الرحمان پر تنقید بھی وزن رکھتی ہے، مولانا راحت حسین نے کبھی غلط بات نہیں کی، اکرم درانی اچھا دوست ہے اور وہ پارٹی کو مضبوط بنانے کیلئے ملکر کام کرتے رہے۔

شال بقیہ 15

مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں گراس ریونیو 1773 ارب روپے اکٹھا کیا۔ ذرائع کے مطابق جولائی سے نومبر تک 1688 ارب روپے کا ٹیکس وصول کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

کے عوام کو ماسٹرز کلاس تک کی تعلیم مل سکے، اس وسیع پیمانے کے علمی مرکز میں اسی فیصد کام مکمل ہوچکا ہے، تاہم ایکٹ کا پاس ہونا، وائس چانسلر و دیگر اسٹاف و اساتذہ کی تعیناتی، اور کلاسز کا اجراء تشنہ طلب ہے۔ جب کہ موجودہ دور حکومت میں خضدار میں قائم شہید سکندر زہری یونیورسٹی کی تعمیر اور اس میں تعلیمی ترقی کے حوالے سے کچھ حوصلہ افزا خبریں بھی سامنے نہیں آرہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ سال سیاسی جماعتوں اور سول سوسائٹیز کے نمائندگان نے کئی ہفتوں تک بھرپور تحریک چلائی تھی۔ جس کے بعد حکومت کی ٹیم نے اس وقت کے سیکریٹری ایجوکیشن کی قیادت میں خضدار میں قائم شہید سکندر زہری یونیورسٹی کا دورہ اور مقامی سیاسی جماعتوں اور سول سوسائٹیز کے نمائندگان سے ملاقات کرکے یہ فیصلہ کیا تھا کہ اگلے سال یعنی 2019 میں یہاں ایم اے کی کلاسز کا اجراء کیا جائے گا تاہم اس اعلان کو عملی جامعہ پہنانے میں کروناوبا حائل رکاوٹ بنی تو دوسری جانب حکومت بھی اپنے وعدوں پر عمل درآمد نہیں کرسکی۔ خضدار کی سیاسی و سماجی افراد نے اپنے جاری کردہ بیان میں اس خدشے کا اظہار کیا ہے کہ بلوچستان حکومت صحیح معنوں میں خضدار شہید سکندر یونیورسٹی کی تعمیر ترقی نہیں چاہتی ہے اور اس میں میڈیکل کالج کو ختم کرنے کا سوچ رہی ہے، ان کا یہ فیصلہ کہ یہاں کے عوام کے لئے کسی بھی طرح قابل قبول نہیں ہوگا اس حوالے سے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت خضدار شہید سکندر زہری یونیورسٹی میں وائس چانسلر اور دیگر تمام اسٹاف کی فوری منظوری دیکر یہاں ایم اے کی کلاسز کا اجراء کرے اور فوری طور پر اس کا بلوچستان اسمبلی سے ایکٹ پاس کرنے کے لئے بھی اقدامات عمل میں لائے، اس حوالے سے تمام حکومتی اور اپوزیشن اسمبلی کے نمائندے بھی شہید سکندر زہری یونیورسٹی کے ایکٹ کو پاس کرنے کے لئے اپنی کوششیں بروئے کار لائیں۔ اگر حکومت کی نیت شہید سکندر زہری یونیورسٹی کو غیر فعال بنانے اور یا اس میں میڈیکل کالج کو ختم کرنے کی ہے تو یہ ناممکن بات ہے اور اس طرح کی اجازت انہیں کسی بھی طرح نہیں دی جاسکتی ہے اور اس پر بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔ دوسری جانب سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری جو کہ شہید سکندر زہری یونیورسٹی جامعہ کے موجد بھی ہیں انہی کے وزارت اعلیٰ کے دور میں اس جامعہ کے قیام اور اس کے لئے فنڈز کا اجراء ہوا تھا انہوں نے بھی کچھ عرصہ قبل اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہا تھا کہ اگر موجودہ حکومت شہید سکندر زہری یونیورسٹی کے حوالے سے کوئی غلط قدم اٹھایا یا کسی دوسرے ادارے کو اس میں ضم کرنے کی کوشش کی تو اس کے اس اقدام کے خلاف عدالت سے رجوع کیا جائیگا، شہید سکندر زہری یونیورسٹی اس پورے ریجن کے لئے بن رہی ہے جس میں، خاران واشک، آواران، مکران ڈویژن اور نصیر آباد ڈویژن کی نئی نسل کے لئے ہے اور اس کی بندش یا اس کو کسی اور ادارے میں تبدیل کرنے کی کسی قطعاً اجازت نہیں دی جاسکتی ہے۔

شال بقیہ 17

بنادی۔ حکام کے مطابق بحرین جانے والی گلف ایئر لائن کی پرواز نمبر جی ایف 771 کی بریفنگ جاری تھی کہ اتک سے تعلق رکھنے والا بلال احمد نامی مسافر بیگ سرچ کاؤنٹر پر پہنچا تو چیکنگ کے دوران اے ایس ایف کے عملے نے مسافر کے ٹرالی بیگ کو مشکوک قرار دیا جس کو کھول کر دیکھا گیا تو بیگ کے تہوں میں چھپائی گئی آئیس منشیات برآمد کی گئی۔ اے ایس ایف حکام کا کہنا تھا کہ منشیات کو قبضے میں لے کر ملزم کو مزید تحقیقات کے لیے اے این ایف کے حوالے کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 18

آباد تک بند کردی گئی، حد نگاہ کم ہونے پر فیصل آباد اور لاہور سیالکوٹ موٹروے بھی بند کردی گئی ہیں۔ ترجمان موٹروے کے مطابق قومی شاہراہ بھی کوہستر نیاز بیگ، مانگا منڈی، چتوکی، پھول نگر، رینالہ خورد، اوکاڑہ اور چیچہ وطنی تک دھند کی لپیٹ میں رہی، حد نگاہ کم تھی اور ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔

شال بقیہ 19

8.68 فیصد ہے۔ جو کہ اضداد بدعنوانی کے دیگر اداروں کے مقابلے میں شاندار کارکردگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب کا ایمان کرپشن فری پاکستان ہے۔ نیب کی کارکردگی کو قومی اور بین الاقوامی معتبر اداروں جیسے ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان، عالمی اقتصادی فورم پلیٹ اور مشال پاکستان نے سراہا ہے۔ گیلانی اینڈ گیلانی سروے کے مطابق 59 فیصد لوگ نیب پر اعتماد کرتے ہیں۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ نیب اقوام متحدہ کے انسداد بدعنوانی کے تحت پاکستان کا نوڈل ادارہ ہے۔ پاکستان نے ماضی میں اس کی توثیق کی ہے۔ نیب کی کوششوں کے باعث یہ پاکستان کے لئے قابل فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب سارک اینٹی کرپشن فورم کا پہلا چیئرمین ہے۔ نیب اپنی آگاہی، تدارک اور انفورسمنٹ پالیسی کے باعث سارک ممالک کے لئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاکستان واحد ملک ہے جس نے بدعنوانی کے خاتمے کے تناظر میں تعاون بڑھانے اور ری پیک منصوبوں کی نگرانی ح کے لئے چین کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب افسران بدعنوان عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے اور ان سے معصوم پاکستانی شہریوں سے لوٹی گئی رقم وصول کر کے قومی خزانہ میں جمع کرانے کے لئے اپنی کوششیں دوگنا کریں۔ تاکہ ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے اور ترقیاتی منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نیب نے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کا نظام وضع کیا ہے جو کہ دو انویسٹیگیشن افسران بزنس کنسلٹنٹ، فنانشل ایکسپرٹ اور فرانزک ایکسپرٹ پر مشتمل ہے جو کہ ایڈیشنل ڈائریکٹر/ایس آفیسر اور متعلقہ ڈائریکٹر کے زیر نگرانی ٹیم کے طور پر کام کرتے ہیں تاکہ انکوائریوں اور انویسٹیگیشن کو شفافیت اور قانون کے مطابق نمٹا جائے۔ اور اجتماعی دانش سے ان کے معیار میں لائی جاسکے۔ نیب نے پہلی فرانزک سائنس لیبارٹری قائم کی ہے۔ جس میں ڈیجیٹل فرانزک، موبائل دستاویزات اور فنگر پرنٹ کے تجزیے کی سہولت موجود ہے۔ نیب نے اپنی پاکستان ٹریننگ اینڈ ریسرچ اکیڈمی قائم کی ہے جس میں جدید تقاضوں کے مطابق انویسٹیگیشن افسران اور پراسیکیوٹر کو خصوصی ٹریننگ دی جارہی ہے۔ تاکہ وائٹ کالر کرائمز اور منی لانڈرنگ کے مقدمات کو نمٹانے میں ان کے معیار میں مزید بہتری لائی جاسکے۔ نیب نے نیب ہیڈ کوارٹرز میں اینٹی منی لانڈرنگ سیل قائم کیا ہے۔ نیب نے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طالب علموں کو بدعنوانی کے برے اثرات سے آگاہ کرنے کے لئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔ یہ حکمت عملی کامیاب رہی ہے۔ نیب کی کارکردگی میں بہتری کے لئے نیب کے تمام علاقائی بیوروز کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ چیئرمین نیب کی ہدایت پر بزنس کمیونٹی کی شکایات سننے کے لئے نیب ہیڈ کوارٹرز اور تمام علاقائی بیوروز میں خصوصی سیل قائم کئے گئے ہیں۔ کیونکہ نیب بزنس کمیونٹی کا بے حد احترام کرتا ہے جو کہ ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ نیب کا کسی سیاسی جماعت گروپ یا فرد سے کوئی تعلق نہیں۔ نیب کا تعلق صرف ریاست پاکستان سے ہے۔ چیئرمین نیب نے تمام علاقائی بیوروز کو ہدایت کی کہ نیب افسران نیب میں آنے والے تمام افراد کا احترام کریں کیونکہ نیب انسان دوست ادارہ ہے۔

شال بقیہ 20

پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور اپنے ہمسائیوں سے دوستانہ اور خوشگوار تعلقات کا خواہاں ہے، لہٰذا ہماری امن دوستی کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ نیول چیف محمد امجد خان نیازی نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر طرح کے مذموم ارادوں سے آگاہ ہے، پاک افواج نامزد مذموم ارادوں سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت اور ہر قیمت پر تیار ہے۔ ترجمان پاک بحریہ نے کہا کہ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں 102 پاکستانی اور 64 دوست ممالک کے افسران نے کمیشن حاصل کیا، مہمان خصوصی نے کمیشن حاصل کرنے والے افسران کو مبارکباد پیش کی۔ ترجمان پاک بحریہ نے کہا کہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔

شال بقیہ 21

دبانے کیلئے ہے۔ زاہد حفیظ نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں پانچ اگست 2019 سے محاصرے کے ذریعے کشمیریوں کو بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارتی قیادت کے جھوٹے دعوے نہ کشمیریوں کی آواز دبا سکتے ہیں نہ عالمی برادری کی توجہ ہٹا سکتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کونسل کے نام نہاد انتخابات کے حوالے سے جمہوری دعویٰ مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت معاملات کو الجھانے اور توجہ ہٹانے کے بجائے مقبوضہ کشمیر سے غیر قانونی قبضہ ختم کرے۔ ترجمان نے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق رائے دہی دیا جائے۔

شال بقیہ 22

آبادی تاریکی میں ڈوب گیا مگر تاحال ذمہ داران کی جانب سے کوئی کام شروع نہیں کیا جاسکا ایسے میں شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا جبکہ شہریوں نے کام بالا سے جلد بحالی کا مطالبہ کردیا۔

شال بقیہ 23

نے ایم پی آئی کو کسی صورت تسلیم نہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور اعلان کیا کہ حکومت کو ہر حال میں ایم پی آئی ایکٹ واپس لینا پڑے گا۔ ایکٹ کی واپسی تک دھرنا جاری رہے گا۔ کمیٹی نے سابق ای ڈی پیز ڈاکٹر عنصر پر سخت تحفظات کا اظہار کیا۔ کمیٹی کا کہنا تھا کہ سابق ای ڈی کی سروس ابھی باقی تھی مگر انہوں نے پرائیوٹ ایسوسی ایشن کا عہدہ قبول کیا جس پر تشویش ہے۔ نرسز سپریڈنٹ حمیرہ خوشنود کو بھی نرسز کا انچارج کا عہدہ دیا گیا تھا مگر انہوں نے قبول کرنے سے انکار کردیا۔ وہ بھی اس ایکٹ کے خلاف ہمارے ساتھ ہیں۔ مسلسل 28 ویں روز بھی دھرنے میں ہسپتال کے تمام عملے پروفیسرز، کنسلٹنٹ، ینگ ڈاکٹرز کنسلٹنٹس، وائے ڈی اے، نرسز، نان گزیٹیڈ، پیرامیڈیکس اور دیگر عملے نے بھرپور تعداد میں شرکت کی۔ دھرنے سے ڈاکٹر فضل ربی، چوہدری ریاض گجر محمد حنیف، تنویر نوشاہی اور دیگر نے بھی خطاب کیا جنہوں نے ایم پی آئی کی واپسی تک ڈٹے رہنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

شال بقیہ 24

عموماً انگریزی، جنرل نالج اور مطالعہ پاکستان کے مضامین میں کمزور ہوتے ہیں۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن نے رواں سال کے دوران مختلف صوبائی محکموں کیلئے 9 ہزار 406 خالی اسامیاں مشتہر کیں جن کیلئے 4 لاکھ 82 ہزار 542 امیدوار سامنے آئے، ان میں سے 19 ہزار 678 امیدواروں کو انٹرویو کے لئے بلایا گیا لیکن 16 ہزار 924 امیدواروں نے انٹرویو دیا، کمیشن کی ایک رپورٹ کے مطابق ان میں سے ایک ہزار 452 اسامیاں مطلوبہ قابلیت کے امیدوار نہ ملنے کی وجہ سے خالی رہ گئیں۔ اسی طرح صوبائی مقابلے کے امتحان میں بھی نااہل امیدواروں کی وجہ سے کئی اسامیاں خالی رہ جاتی ہیں، پچھلے سال گریڈ 17 کی کل 84 نشستوں کے لیے 13 ہزار 236 امیدوار سامنے آئے، ان میں سے پانچ ہزار 417 امیدوار امتحانات میں شریک ہوئے اور صرف 138 نے تحریری امتحان پاس کیا، 136 امیدواروں کو انٹرویو کے لئے طلب کیا گیا جن میں سے صرف 59 کامیاب قرار پائے جبکہ باقی 25 نشستیں موزوں امیدوار نہ ملنے کی وجہ سے خالی رہ گئیں۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن کی رپورٹ میں مزید انکشاف کیا گیا کہ پچھلے سال کے دوران صوبائی مقابلے کے امتحانات میں شریک امیدواروں میں سے 84 فیصد انگریزی، 73 فیصد جنرل نالج اور 50 فیصد مطالعہ پاکستان کے مضامین میں فیل ہوئے۔

شال بقیہ 25

میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے

دو کرپٹ لوگوں کے بچوں کی قابلیت کیا ہے جو یہ ملک چلانے جا رہے ہیں، عمران خان

دو کرپٹ لوگوں کے بچوں کی قابلیت کیا ہے جو یہ ملک چلانے جا رہے ہیں؟، وزیر اعظم

مولانا فضل الرحمان 12 ویں کھلاڑی ہیں، پی ڈی ایم والے لوگوں کو بے وقوف سمجھتے ہیں، صحافیوں سے خطاب

سکھر کا یوم اعظم ڈے کے موقع پر سائیکل ریس کے ذکر کو پی ٹی آئی ضلع سکھر کے صدر منور چوہان و عبدالعزیز ابڑو ڈرائی دے رہے ہیں

چکوال (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ دو کرپٹ لوگوں کے بچوں کی قابلیت کیا ہے جو یہ ملک چلانے جا رہے ہیں؟ چکوال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ دو کرپٹ لوگوں کے بچوں کی قابلیت کیا ہے جو یہ ملک چلانے جا رہے ہیں؟۔ عمران خان نے کہا کہ دونوں کے باپ کرپٹ ترین آدمی ہیں جن پر کرپشن کیسز چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پاس اس کے سوا کوئی میرٹ نہیں دونوں شاہانہ انداز میں اس آمدنی پر پلے ہیں جو حلال نہیں تھی۔ عمران خان نے کہا کہ ان سے کوئی پوچھے آپ نے کیا کیا ہے جو پارٹی سربراہ بنے ہوئے ہیں؟۔ دریں اثنا وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم نے اسمبلیوں سے استعفے دیے تو ان کے فارورڈ بلاک بن جائیں گے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم

بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان سے استعفے کے مطالبے کی قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) نے وزیر اعظم عمران خان سے استعفے کے مطالبے کی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی۔ لیگی رکن اسمبلی سمیرا کوکل کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ

بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی عوام کو قوم پرستی کے نام پر مزید بیوقوف نہیں بنایا جا سکتا، بابر یوسفزئی

محمود خان اچکزئی کو پچھلے پانچ سال صوبے پر حکمرانی کرنے کا موقع ملا تھا کیا کیا آج اقتدار سے دوری کی صورت میں بھی اس ایجنڈے پر عوام میں نفرت پھیلا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی رہنما، سابقہ ترجمان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی عوام کو قوم پرستی کے نام پر مزید بیوقوف نہیں بنایا جا سکتا بلوچستان کی عوام ان لوگوں کو اچھی طرح جانتے ہیں ماضی میں قوم پرست جماعتوں نے پانچ سال اقتدار کے مزے لوٹے آج بلوچستان کے حقوق کی بات کرنے والے بتائیں انہوں نے بلوچستان کی عوام کے لئے کون سے انقلابی اقدامات کئے انہوں نے ایک قوم پرست جماعت کے رہنما کی کل ہی موت ہوئے

بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان زمینداروں کے زرعی قرضے معاف کریں، نصیر احمد شاہوانی

بلوچستان میں ٹڈی دل کے حملوں نے زمینداروں کو ناقابل تلافی نقصان دیا ہے جسکا خمیازہ زمیندار بھگت رہے ہیں

ایک طرف خشک سالی اور سیلابی کیفیت سے دوچار زمیندار معاشی بحران کا شکار ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین و رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی نے کہا ہے کہ رواں سال ملک خصوصاً بلوچستان میں ٹڈی دل کے حملوں نے زمینداروں کو ناقابل تلافی نقصان دیا ہے جسکا خمیازہ زمیندار بھگت رہے ہیں ایک طرف خشک سالی اور سیلابی کیفیت سے دوچار زمیندار معاشی بحران کا شکار ہیں تو دوسری طرف حکومت کی جانب سے کوئی خاطر خواہ سہولت دیکھنے کو نہیں مل رہی فوری طور پر مشرف دور حکومت کی طرز پر

بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

زیارت ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی بلوچستان عبدالصبور کاکڑ کو زیارت کا لیچینہ کے دورے کے موقع پر چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ عبدالجبار فاریسٹ انسٹیٹیوٹ کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

شیر احمد کھیتران بارکھان بلوچستان سے پنجاب سمگلر کرنے کی کوشش ناکام

بارکھان (نامہ نگار) شیر احمد کھیتران بارکھان بلوچستان سے پنجاب سمگلر کرنے کی کوشش ناکام پی ایم پی ہائیوے ملٹری پولیس بوائز ایس ایچ او ضرار اللہ سرکل افسر عبداللہ لغاری نے پی ٹائمز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ رات تقریباً 8 بجے ٹان کسٹم ٹیموں کے ٹرک کو زبردستی کراس کرنے کی کوشش ناکام جس میں ہائیوے ملٹری پولیس نے فوراً اپنی حراست میں لے لیا جس میں پٹھان قبائل نے نفری

بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

گنداخہ میں بنیادی سہولیات کے فقدان پر حقوق تحریک گنداخہ کی جانب سے احتجاج دھرنا

گنداخہ (آن لائن) گنداخہ میں بنیادی سہولیات کے فقدان پر حقوق تحریک گنداخہ کی جانب سے احتجاج دھرنا گنداخہ حقوق تحریک گنداخہ کی جانب سے گوٹھ غلام محمد جمالی میں ناقص اسٹریٹ لائٹ کی تنصیب گنداخہ میں گیس کی بندش تحصیل گنداخہ میں سڑکوں کی مرمت نہ

بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

پریس کلب ماچھی پور کے سال 2021 کے انتخابات بلا مقابلہ صدر دلمراد گھیم جبکہ جنرل سیکریٹری رحمت اللہ کھوکھر کا چناؤ عمل میں لایا گیا

ماچھی پور (نامہ نگار) پریس کلب ماچھی پور کے سال 2021 کے انتخابات بلا مقابلہ صدر دلمراد گھیم جبکہ جنرل سیکریٹری رحمت اللہ کھوکھر کا چناؤ عمل میں لایا گیا تفصیلات کے مطابق ہر سال کی طرح امسال بھی ماچھی پور پریس کے انتخابات کے شیڈول کا اعلان کیا گیا تاہم پریس کلب ماچھی پور

بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ نوشکی میں اسمگلنگ کے خلاف بھرپور ایکشن لے رہی ہے

لیویز فورس کی کاروائیاں آئندہ بھی جاری رہے گی، تحصیلدار نوشکی امتیاز بلوچ

نوشکی (این این آئی) نوشکی لیویز کی کارروائی فیلڈر کار سے منشیات برآمد ملزم فرار 27 کلو سے زائد منشیات برآمد تحصیلدار نوشکی امتیاز بلوچ نے نائب تحصیلدار عبدالغفار توتیخی رسالدار میجر سردار زادہ بہرام خان میونگل رسالدار محمد خان میونگل اسلم خان میونگل و دیگر کے ہمراہ لیویز ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ شب خفیہ اطلاع پر نوشکی لیویز فورس نے ڈپٹی کمشنر نوشکی کیپٹن (ر) جمیل احمد بلوچ کی ہدایت پر یونین کونسل مل کے علاقہ سودہ لانڈی میں مشکوک گاڑی کی تعاقب کیا تو ڈرائیور نے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گاڑی چھوڑ کر پیدل فرار ہوئے لیویز فورس

بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

پی ایم بلوچستان کے انتخابات میں یونٹڈ ڈاکٹرز ڈینٹل پینل 231 ووٹ لیکر کامیاب قرار پایا ہے، ڈاکٹر آفتاب کاکڑ

مدمقابل ڈاکٹر کلیم اللہ پروگریسو پینل نے صرف تین ووٹ حاصل کئے، چیئرمین پروانشل الیکشن کمیشن پی ایم اے بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین پروانشل الیکشن کمیشن پی ایم اے بلوچستان ڈاکٹر آفتاب کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ایم بلوچستان کے انتخابات میں یونٹڈ ڈاکٹرز ڈینٹل پینل 231 ووٹ لیکر کامیاب قرار پایا ہے جبکہ مدمقابل ڈاکٹر کلیم اللہ پروگریسو پینل نے صرف تین ووٹ حاصل کئے۔ یہ بات انہوں نے بلنہ کو بولان میڈیکل ہسپتال میں پریس کانفرنس کے دوران انتخابی نتائج کا اعلان کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پی ایم اے پاکستان کے صدر ڈاکٹر حمید اللہ پائینزئی، ڈاکٹر مصطفیٰ ورک، ڈاکٹر نور قاضی، ڈاکٹر احمد ولی، نسیم کنگنے زئی، ڈی ایم ایس بولان میڈیکل ہسپتال ڈاکٹر رشید جمالی بھی موجود تھے۔ انہوں

بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین و رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی زمیندار ایکشن کمیٹی بولان کے نومنتخب صدر وڈیرہ علی احمد رند جنرل سیکریٹری ملک اسد اللہ منگلوئی گفتگو کر رہے ہیں

استاد محمد اسحاق سومرو بقضائے الٰہی وفات پا گئے، نماز جنازہ فیصل پار میں ادا کیا گیا

اوستہ محمد (آن لائن) استاد محمد اسحاق سومرو بقضائے الٰہی وفات پا گئے، نماز جنازہ فیصل پار میں ادا کیا گیا، بڑی تعداد میں شرکت کی تفصیلات کے مطابق بزرگ ویٹرنر استاد محمد

بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

بھارتی فوج مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں کر رہی ہے، حریت فورم

کشمیریوں کو گرفتار کر کے نامعلوم مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے، کشمیر میڈیا سروس

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں میر واعظ عمر فاروق کی سربراہی میں قائم حریت فورم نے کہا ہے کہ بھارتی فوج کشمیریوں کی تحریک آزادی کو دبانے کیلئے علاقے میں انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں کر رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت فورم

بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

حکومت کا پاؤں عوام کی گردن اور ہاتھ جیب میں ہے، سراج الحق

حکومت کی نااہلی اور کاہلی کے باعث پی آئی اے کے تمام اثاثے داؤ پر لگ چکے ہیں

اگر وزیر اعظم کو اس معاملے کی سمجھ نہیں ہے تو وہ کسی پڑھے لکھے آدمی سے پوچھ لیں، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ اگر وزیر اعظم بروقت ریکوڈک معاملات میں فیصلہ نہیں کرتے تو وہ کیا کر رہے ہیں؟ ایک خط بروقت نہ لکھنے کے باعث پاکستان کو چھ ارب بیس کروڑ ڈالر کے نقصان کا خدشہ ہے۔ حکومت کی نااہلی اور کاہلی کے باعث پی آئی اے کے تمام اثاثے داؤ پر لگ چکے ہیں۔ حکومتی کابینہ کے اجلاس میں سیاسی مخالفین کی سرکوبی کی بجائے قومی مسائل پر توجہ دیں۔ اگر وزیر اعظم کو اس

بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

آل تحصیل ٹوکڈی تحفظ رائفلز کے زیر اہتمام 25 دسمبر قائداعظم ڈے فٹبال ٹورنامنٹ کے موقع پر چیف گیسٹ سردار نور بخش شیرزئی ٹوکڈی کے کھلاڑیوں سے مصافحہ کر رہے ہیں

تمام کاموں کو ایمرجنسی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، محترمہ شاہینہ کاکڑ

آنے والے دنوں میں بارشوں اور برف باری کے دوران عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی صوبائی نائب صدر و رکن صوبائی اسمبلی محترمہ شاہینہ کاکڑ نے گزشتہ روز پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے قائم سینٹر کا دورہ کیا اور مشینری کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر آفیسران اور اہل علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے شاہینہ مہترزئی نے کہا کہ تمام کاموں کو ایمرجنسی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ آنے والے دنوں میں بارشوں اور برف باری کے دوران عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اے این پی ورثے میں ملی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، پی ڈی ایم اے سینٹر میں قومی شاہراہوں پر برف باری ہٹانے

بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

اساتذہ کے حالیہ سروس رولز کو کسی صورت تسلیم نہیں کرینگے، حبیب الرحمان مردانزئی

بیوروکریسی اساتذہ کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کرنے اور اساتذہ کی اتحاد و اتفاق کو نقصان پہنچانے کے لئے سازشیں کر رہی ہے

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حبیب الرحمان مردانزئی کوئٹہ کے صدر نظام الدین کاکڑ آرگنائزر صالح محمد کاکڑ ڈویژنل چیئرمین بھوشیرانی ضلعی جنرل سیکرٹری نور الحق اعوان ضلعی چیئرمین قدم جان مندوخیل آرگنائزر عبدالباقی کاکڑ پریس سیکرٹری مراد خان مندوخیل سیکرٹری اطلاعات عجب خان کاکڑ اسد اللہ مردانزئی سید مشہود شاہ اور دیگر نے پریس کانفرنس سے

بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

حکومت کوئٹہ میں لینڈ مافیا کے گروہوں کے خلاف کاروائی کر کے شہر کو خانہ جنگی سے بچائے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ میں ہاؤسنگ کے شعبے میں بہتری آنے کے ساتھ ساتھ انکی کامیابی سے دوسری ہاؤسنگ اسکیمیں بھی کوئٹہ کا رخ کریں گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ڈی ایچ اے ایک اچھا منصوبہ ہے جس سے کوئٹہ میں ہاؤسنگ کے شعبے میں بہتری آنے کے ساتھ ساتھ انکی کامیابی سے دوسری ہاؤسنگ اسکیمیں بھی کوئٹہ کا رخ کریں گی، ڈی ایچ اے میں زمین کے حصول کے لئے جو طریقہ کار اختیار کیا گیا اس کے خلاف عدالتی فیصلے آنے سے منصوبے کو نقصان پہنچا، حکومت کوئٹہ میں لینڈ مافیا کے گروہوں کے خلاف

بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

قیصر پیٹرول پمپ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ ایک شخص جاں بحق

وکی (آن لائن) قیصر پیٹرول پمپ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص محمد ایوب ولد سلطان محمد قوم لونی سکنہ کلی نکوزئی جاں بحق ہو گیا۔ نعش کو سول ہسپتال وکی منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے رپورٹ درج کر کے واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

مرکزی جماعتی پالیسیوں کو مدنظر رکھ کر اپنا قائدین کی مشن کو آگے بڑھائیں، یوسف وقار شاہوانی

اختلافات کی موجودہ صورتحال میں کارکن اشتعال میں نہ آئیں بلکہ صبر و استقامت سے کام لیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے یو آئی کلی سردہ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالرؤف جامعہ محمدیہ مدرسہ میں سوشل میڈیا کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی جماعتی پالیسیوں کو مدنظر رکھ کر اپنا قائدین کی

بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

محمد علی درانی سے ملاقات میں شہباز شریف کی مرضی و منشا شامل تھی، فیاض الحسن

بیگم صفدر اعوان جھوٹوں کی یونیورسٹی کی وائس چانسلر ہیں، صوبائی وزیر جیل خانہ جات

لاہور (این این آئی) وزیر جیل خانہ جات فیاض الحسن چوہان نے بیگم صفدر اعوان کی جانب سے حکومت پر محمد علی درانی کی شہباز شریف سے زبردستی ملاقات کے الزام کو سراسر دروغ گوئی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ محمد علی درانی سے ملاقات میں شہباز شریف کی مرضی و منشا شامل تھی۔ ٹیل

بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

کراچی پریس کلب کے الیکشن 2021 کو موقع پر صحافی و کمزری کا نشان بنا رہے ہیں

جمعیت پرکارکنوں اور عوام کا مضبوط اور غیر متزلزل اعتماد کی بدولت ہر قسم کی سازشیں ناکام ہو کر رہیں گی، غلام قادر رحمانی

جمعیت علماء اسلام اپنے دستور و منشور پر کاربند رہتے ہوئے نظم و نسق کے متعلق شاندار تاریخ کی حامل جماعت ہے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر بے یو آئی لسبیلہ مولانا غلام قادر رحمانی نے کہا کہ درجن بھر وزراء اور چند زرد صحافت کے حامل چینلز کی جانب سے جمعیت علماء اسلام کا میڈیا ٹرائل دراصل حکومت کی ڈیک زدہ چیت کو بچانے کی آخری کوشش ہے، آئین کی بالادستی، خود مختار پارلیمنٹ اور خوشحال و مستحکم پاکستان کیلئے جدوجہد فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے عوام نے جعلی سلیکٹڈ حکومت سے نجات حاصل

بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

فکر باچا خان کی صد سالہ تقریبات سال بھر جاری رہے گی، مابت کاکا

پارٹی ذمہ داران اس حوالے سے اپنی اپنی تیاریاں شروع کر دیں، عوامی نیشنل پارٹی

بھی (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ فکر باچا خان کی صد سالہ تقریبات سال بھر جاری رہے گی پارٹی ذمہ داران اس حوالے سے اپنی اپنی تیاریاں شروع کر دیں خدائی خدمتگار تحریک (1921۔2021) کی تسلسل عوامی نیشنل پارٹی کے قائدین کی دوراندیشی برحق موقف درست سیاست فعال و منظم تنظیم کی بدولت ناسازگار حالات کے باوجود نہ صرف اسے زندہ و جاوید رکھا ہے۔

جامعہ مدرسہ مطلع العلوم ڈھاڈر میں حفاظ کرام کی قرآن پاک کی حفظ کرنے کی باسعادت پروقار تقریب منعقد ہوئی

بولان (این این آئی) جامعہ مدرسہ مطلع العلوم ڈھاڈر میں حفاظ کرام کی قرآن پاک کی حفظ کرنے کی باسعادت پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں علاقائی معززین، علماء کرام، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والوں کے علاوہ مدرسہ

بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

کرسمس تہوار پر مسیحی بھائیوں کی خوشیوں میں (ن) لیگ برابر کی شریک ہے، پیر جان ناصر

عوام کی خیر و بھلائی پر متحد ہو کر پی ڈی ایم کی شکل میں میدان میں آئی، قائدین میاں نواز شریف، محترمہ مریم نواز کے بیانیہ کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

وکی (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن ضلع وکی صدر حاجی پیر جان ناصر کی جانب سے ان کے آفس میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور معمار پاکستان قائد میاں محمد نواز شریف کے سالگرہ کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مسلم لیگ ن کے کارکنان اور مختلف قبائلی عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ضلعی صدر حاجی پیر جان ناصر جنرل سیکرٹری رحمت اللہ موسیٰ خیل اور دیگر اور بھی موجود تھے۔ سالگرہ کی خوشی میں کیک بھی کاٹا گیا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ

بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

گنداواہ کو کوئٹہ چلنے والے کوسٹر گاڑی پر کوئٹہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کیا اعتراض قابل مذمت ہے، عوامی حلقے

نصیر آباد (نامہ نگار) گنداواہ کو کوئٹہ چلنے والے کوسٹر گاڑی پر کوئٹہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کیا اعتراض قابل مذمت ہے گنداواہ کے عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے گنداواہ سے کوئٹہ چلنے والی کوسٹر گاڑی پر اعتراض ظاہر کیا جا رہا ہے جس پر گنداواہ کے تمام عوامی حلقوں نے اس بات کی مذمت کی ہے کہ گنداواہ سے کوئٹہ چلنے والی کوسٹر گاڑی جو کہ نصیر آباد کے عوام کے لئے ایک بہت بڑی سہولت تھی جس پر کوئٹہ کے

بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

حافظ حسین کو پی ٹی آئی میں شمولیت کی دعوت

میں دو ہزار تین میں جے یو آئی میں شامل ہوا اور دو ہزار گیارہ میں سینیٹ سے استعفیٰ دیا

مولانا شیرانی زیرک سیاستدان اور اعلیٰ ترین عالم دین ہیں، حافظ حسین احمد کو وہ مقام اور عزت نہیں دی جس کے وہ حقدار ہیں، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے حافظ حسین کو ہیرا قرار دیتے ہوئے پی ٹی آئی میں شمولیت کی دعوت دیدی۔ نجی ٹی وی کے مطابق اعظم سواتی نے کہا کہ میں دو ہزار تین میں جے یو آئی میں شامل ہوا اور دو ہزار گیارہ میں سینیٹ سے استعفیٰ دیا، اس عرصے میں جے یو آئی (ف) کی مالی ضروریات پوری کرتا رہا۔ اعظم سواتی نے حافظ حسین احمد کو انمول ہیرا قرار دیتے ہوئے کہا

بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

سردی میں اضافے کے باعث خواتین کا تھوک مارکیٹ سے گرم کپڑے خریداری ہیں

پارٹی دستور کی ہم نے نہیں فضل الرحمان نے خلاف ورزی کی ہے، حافظ حسین احمد

ہماری اپنے ساتھیوں سے مشاورت جاری ہے، اور ہم کہیں نہیں جا رہے بلکہ لوگ ہمارے پاس آ رہے ہیں

ایک ڈکٹیٹرانہ انداز میں پارٹی سے نکال دیا گیا، آئندہ کی حکمت عملی سے متعلق سوچ بچار کریں گے اور مشاورت بھی ہو گی، انٹرویو

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے پارٹی سے نکالے گئے رہنما حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ پارٹی دستور کی ہم نے نہیں مولانا فضل الرحمان نے خلاف ورزی کی ہے۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) سے نکالے گئے رہنما حافظ حسین احمد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہماری اپنے ساتھیوں سے مشاورت جاری ہے، اور ہم کہیں نہیں جا رہے بلکہ لوگ ہمارے پاس آ رہے ہیں، ہم مولانا فضل الرحمان سے پہلے جمعیت میں شامل ہوئے، اور مولانا محمد خان شیرانی پارٹی کے بانی اراکین میں سے ہیں، ہمارا یہ یو آئی (ف) سے نہیں جمعیت علماء اسلام پاکستان سے تعلق ہے، پارٹی دستور کی خلاف

بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہری سردی کی شدت کم کرنے کیلئے آگ جلا کر ہاتھ تاپ رہے ہیں

عوام کی جان و مال کا تحفظ کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، اختر علی بگٹی

صحبت پور (نامہ نگار) ڈی ایس پی سرکل پنجور سلطوی اختر علی بگٹی اور ایس ایچ او تھانہ پنجور سلطوی محمد اعظم کھوسہ نے مشترکہ طور پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے تاہم تین روز قبل یکے بعد دیگرے مختلف جگہوں سے چاپی

بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں، عبدالعزیز، احمد نواز مگسی

نوابزادہ میر احمد خان مگسی باصلاحیت ملن سار اور مثبت وسیع سوچ رکھنے والے انسان ہیں

گنداواہ (نامہ نگار) نوابزادہ میر احمد خان مگسی باصلاحیت ملن سار اور مثبت وسیع سوچ رکھنے والے انسان ہیں۔ جو کہ جھل مگسی عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔ تحصیلات کے مطابق جھل مگسی کے نوجوانان و بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان عبدالعزیز، احمد نواز مگسی، دائم خان، ڈاکٹر یاز احمد، حسین بخش، محمد امین، عبدالستار مگسی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے صوبائی وزیر نوابزادہ طارق حسین خان مگسی کے فرزند نوابزادہ میر احمد خان مگسی جھل مگسی کے عوام کے لیے مسیحا کے طور

بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

سندھ پولیس کا ظلم و ستم بلوچستان کے باسیوں پر طاری

محمد حنیف مہر کے گھر پر سندھ پولیس کا بلوچستان پولیس کے ساتھ کمبائنڈ آپریشن

بھی (آن لائن) سندھ پولیس کا ظلم و ستم بلوچستان کے باسیوں پر طاری محمد حنیف مہر کے گھر پر سندھ پولیس کا بلوچستان پولیس کے ساتھ کمبائنڈ آپریشن، چادر چار دیواری کی پامالی، لیڈیز پولیس کے بغیر گھر میں گھس کر تلاشی لی گئی جبکہ اہل خانہ کو بیدردی طور پر تشدد کا نشانہ بنا کر ہراساں کیا گیا، متاثرہ خاندان کی آئی جی پولیس بلوچستان ڈی آئی جی پولیس بھی رینج سمیت اعلیٰ حکام سے انصاف و تحفظ

بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

ٹنڈو بوراہ گوٹھ نئی آبادی میں پراسرار نمونے سے اچانک آگ بھڑک اٹھی کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

روہڑی (نامہ نگار) روہڑی کے علاقے ٹنڈو بوراہ گوٹھ نئی آبادی میں پراسرار نمونے سے اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ لگنے کے نتیجے میں شیخ برادری کے دس گھر جل کر راکھ بن گئے متاثرین عطاء اللہ شیخ، ہاشم شیخ، ریاض شیخ اور مولا بخش شیخ نے گھر کی خواتین کے ساتھ روہڑی میونسپل انتظامیہ

بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

موجودہ سلیکٹڈ حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، صادق عمرانی

عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مہنگائی کر کے عوام سے روٹی تک چھین لیا ہے

عوام ایک وقت کی روٹی کے لئے بھی حیران و پریشان ہو چکی ہے، سابق صوبائی وزیر

تمبو (آن لائن) پیپلز پارٹی کے مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت صوبوں پر قبضہ کرنے کے لئے آئین و قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گوادر میں بازار لگانے کی مذموم کوشش شروع کر دی ہے صوبے کے وسائل پر صوبے کے عوام کا حق ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر میر بلال عمرانی بھی موجود تھے میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ موجودہ

بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

گنداواہ کو کوئٹہ چلنے والے کوسٹر گاڑی پر کوئٹہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کیا اعتراض قابل مذمت ہے، عوامی حلقے

جھل مگسی (نامہ نگار) گنداواہ کو کوئٹہ چلنے والے کوسٹر گاڑی پر کوئٹہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کیا اعتراض قابل مذمت ہے گنداواہ کے عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ ٹرانسپورٹرز کی جانب سے گنداواہ سے کوئٹہ چلنے والی کوسٹر گاڑی پر اعتراض ظاہر کیا جا رہا ہے جس پر گنداواہ کے تمام عوامی حلقوں نے اس بات کی مذمت کی ہے کہ گنداواہ سے کوئٹہ چلنے والی کوسٹر گاڑی جو کہ جھل مگسی گنداواہ کے عوام کے لئے ایک بہت بڑی سہولت تھی جس پر کوئٹہ کے

بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری پارٹی کے ضلعی کونسلر راشد علی کیانزئی، غلام مصطفیٰ بلوچ، اور شارق لہڑی نے گزشتہ روز جامعہ فیض العلوم نقشبندیہ بیجی میں جا کر بلوچستان کے ممتاز عالم دین علمی، مذہبی، روحانی شخصیت شیخ الحدیث الحاج

بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

میر مہیم خان نیچاری طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے

تلات (آن لائن) میر مہیم خان نیچاری طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ وہ میر مصطفیٰ خان نیچاری، میر مدد خان نیچاری کے بھتیجے، میر جہاں خان نیچاری کے داماد، میر عبدالمجید

بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

اے این پی کے صوبائی نائب صدر و رکن صوبائی اسمبلی شاہینہ مہترزئی کان مہترزئی میں پی ڈی ایم اے سینٹر کا دورہ کر رہی ہے

موجودہ وباء کورونا وائرس سے بچاؤ لازمی ہے، محمد اسلم بھوتانی

ممبر قومی اسمبلی لسبیلہ گوادر محمد اسلم بھوتانی سے عوام کی ملاقات میل جول کو ڈاکٹرز نے سختی سے منع کیا ہے

اوتھل (نامہ نگار) بھوتانی عوامی رابطہ آفس حب کی طرف سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ممبر قومی اسمبلی لسبیلہ گوادر محمد اسلم بھوتانی سے عوام کی ملاقات میل جول کو ڈاکٹرز نے سختی سے منع کیا ہے، ڈاکٹرز نے انکی طبیعت بہتر ہونے تک انہیں آرام کا کا مشورہ دیا ہے اور ڈاکٹرز کا کہنا